ABC CERTIFEID
وفاقی دارالحکومت سے شائع ہونیوالا مقبول و کثیرالاشاعت قومی اخبار

Daily SHEHAR NAMA Islamabad
روزنامہ شہرنامہ اسلام آباد

ایڈیٹر راجہ جاوید اختر
جوائنٹ ایڈیٹر اسامہ امتیاز عباسی

جلد نمبر 07 جمعرات 15 اکتوبر 2026ء 03 جمادی الاول 1448ھ صفحات 4 قیمت 10 روپے شمارہ نمبر 40
فون: 0333-5196088 Email:sheharnama@gmail.com Web:www.sheharnama.com

لمحہ بہ لمحہ ہر خبر سے باخبر رہنے کیلئے شہرنامہ کی ویب نیوز پر ابھی کلک کریں
قارئین اپنا پسندیدہ اخبار "شہرنامہ" ای پیپر اب ویب سائیٹ اور فیس بک پر بھی ملاحظہ فرمائیں
Epaper
www.dailysheharnama.com

روسی وزیر داخلہ کی وزیراعظم اور فیلڈ مارشل سے ملاقاتیں

سرمایہ کاری و سیکیورٹی تعاون بڑھانے پر اتفاق

وزیراعظم نے روس کے ساتھ تعاون کو آگے بڑھانے کے پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا اور تجارت، سرمایہ کاری اور توانائی کے شعبوں میں تعاون بڑھانے پر زور دیا

روسی وزیر داخلہ نے علاقائی امن کیلئے پاکستان کی کوششوں کو سراہا، دہشتگردی کیخلاف جنگ میں پاکستان کی مسلح افواج کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور قربانیوں کا اعتراف بھی کیا

اسلام آباد(سٹاف رپوٹر) پاکستان اور روس نے تعلقات میں مثبت پیش رفت پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے دوطرفہ تعاون کو مزید مضبوط بنانے کے لیے اس رفتار کو برقرار رکھنے کی اہمیت پر زور دیا۔ وزیراعظم شہباز شریف سے روس کے وزیرداخلہ نے ملاقات کی۔ اس حوالے سے جاری اعلامیہ کے مطابق وزیراعظم نے روس کے ساتھ تعاون کو آگے بڑھانے کے پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا اور تجارت، سرمایہ کاری اور توانائی کے شعبوں میں تعاون (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 60)

راولپنڈی (مانیٹرنگ ڈیسک) روسی فیڈریشن کے وزیر داخلہ ولادیمیر کولوکولتسیف نے جنرل ہیڈکوارٹرز (جی ایچ کیو) راولپنڈی کا دورہ کیا۔ جہاں انہوں نے چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر، نشانِ امتیاز (ملٹری)، ہلالِ جرأت سے ملاقات کی۔ پاک فوج کے شعبۂ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور اور علاقائی سلامتی کی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا، جبکہ پاکستان اور روس کے درمیان دوطرفہ سیکیورٹی تعاون کو مزید مضبوط بنانے پر خصوصی توجہ دی گئی۔ ترجمان پاک فوج کا کہنا تھا کہ ملاقات کے دوران دونوں فریقین نے پاکستان اور روس کے سیکیورٹی اداروں کے درمیان قریبی ادارہ جاتی روابط کے فروغ اور باہمی رابطہ کاری کو بہتر بنانے کی اہمیت پر زور دیا۔ اس موقع پر سیکیورٹی کے شعبے میں تعاون کو وسعت دینے اور مشترکہ مفادات کے امور پر مل کر کام کرنے سے متعلق تبادلہ خیال بھی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 48)

فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے روسی فیڈریشن کے وزیرداخلہ ولادیمیر کولوکولتسیف ملاقات کررہے ہیں

منسوخ شدہ انتقالات کی بنیاد پر کسی جائیداد کی قانونی ملکیت ثابت نہیں کی جاسکتی، سپریم کورٹ

ملکیت متنازعہ ہونیکی صورت میں صرف قبضے کے حصول کا دعویٰ دائر کرنا کافی نہیں ملکیت کے باقاعدہ اعلان کی استدعا بھی ضروری

اسلام آباد(اے پی پی) سپریم کورٹ نے قرار دیا ہے کہ منسوخ شدہ انتقالات کی بنیاد پر کسی جائیداد کی قانونی ملکیت ثابت نہیں کی جاسکتی جبکہ ملکیت متنازعہ ہونے کی صورت میں صرف قبضے کے حصول کا دعویٰ دائر کرنا کافی نہیں بلکہ ملکیت کے باقاعدہ اعلان کی استدعا بھی ضروری ہوتی ہے۔ عدالت نے کمالیہ میں ایک کنال اراضی کے قبضے سے متعلق اپیل خارج کرتے ہوئے لاہور ہائی کورٹ کا فیصلہ برقرار رکھا ہے۔ جسٹس شاہد وحید کی جانب سے تحریر کردہ فیصلے میں کہا گیا ہے کہ اپیل کنندہ عبدالرحیم (مرحوم) کے قانونی ورثا متنازعہ اراضی پر اپنی قانونی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

الیکٹرک بسوں کی تیاری کیلئے پاکستانی اور چینی کمپنیوں کے درمیان معاہدہ

پاکستان چین بزنس فورم کے زیر اہتمام عوامی جمہوریہ چین کے قیام کی 77ویں سالگرہ کی تقریب

ہارون اختر خان کا سرمایہ کاری، ٹیکنالوجی کی منتقلی اور برآمدات پر مبنی صنعتی ترقی پر زور

اسلام آباد(نمائندہ شہرنامہ)/ پاکستان چین بزنس فورم (PCBF) کے زیر اہتمام عوامی جمہوریہ چین کے قیام کی 77ویں سالگرہ کے موقع پر اسلام آباد کے مووین پک سینٹورس ہوٹل میں ایک پروقار تقریب منعقد ہوئی، جس میں تقریباً 150 اہم شخصیات، حکومتی نمائندوں، چینی سفارت کاروں اور ممتاز کاروباری رہنماؤں نے شرکت کی۔ تقریب کا مقصد دونوں ممالک کے درمیان اقتصادی تعاون کو مضبوط بنانا اور سرمایہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

قومی اسمبلی
سینیٹ
اجلاس

ایمرجنسی نفاذ کی منظوری

مشترکہ اجلاس
آج دونوں ایوان
توثیق کرینگے

سب کچھ طے شدہ، واوڈا نے ایمرجنسی کا ایک ماہ پہلے بتادیا تھا، ہمایوں مہمند، ایمرجنسی کے پیچھے مقاصد کچھ اور ہیں مذاکرات صرف ڈرامہ تھا، سینیٹر حامد خان

عابد شیر علی اور محسن عزیز میں جھڑپ، ہمیں پتہ ہے ہمیں کیا کرنا ہے ہمیں جمہوریت نہ سکھائیں، شیری رحمان کا اپوزیشن کو جواب

اندرونی خلفشار، سرحد پار سے دراندازی اور صوبے کی حکومت کے اقدامات قومی سلامتی کے لیے خطرہ بنتے جارہے تھے، وزیرقانون اعظم نذیر تارڑ کا اسمبلی میں اظہار خیال

اسلام آباد(سٹاف رپورٹر) قومی اسمبلی کے بعد سینیٹ نے بھی صدر مملکت کے خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کے نفاذ کی توثیق کردی۔ رپورٹ کے مطابق خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کے نفاذ کی توثیق کے لیے قرارداد سینیٹ میں پیش کی گئی جو کہ وفاقی وزیر طارق فضل چوہدری نے پیش کی۔ قرارداد میں کہا گیا کہ صدر مملکت نے 11 اکتوبر 2026ء کو خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی نافذ کرنے کا اعلان کیا، آئین کے آرٹیکل 232 کے تحت خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کی توثیق کی جائے۔ ایوان بالا میں قرارداد کی منظوری پر اپوزیشن نے شدید احتجاج کیا، اپوزیشن لیڈر علامہ ناصر عباس نے ڈائس کے سامنے قرارداد کی کاپی پھاڑ دی، ایوان بالا مچھلی منڈی بن گیا، اپوزیشن اور حکومتی ارکان کے درمیان جھڑپیں ہوئیں، پی ٹی آئی ارکان ایوان سے واک آؤٹ کر گئے۔ قرارداد پر بات کرتے ہوئے پاکستان تحریک انصاف کے سینیٹر ہمایوں مہمند نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کا نفاذ پہلے سے طے شدہ منصوبے کا حصہ ہے اور دہشت گردی کو اس کے لیے بہانہ بنایا جارہا ہے۔ ہمایوں مہمند کے مطابق فیصل واوڈا نے ایک ماہ پہلے ہی ایمرجنسی اور گورنر راج لگانے کی پیش گوئی کردی تھی۔ انہوں نے کہا کہ فیصل واوڈا صاف بات کرتے ہیں اور بغل میں چھری، منہ پر رام رام نہیں کرتے۔ سینیٹر ہمایوں مہمند نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی فون لے جانے اور ریکارڈنگ کے معاملے پر حکومتی ٹیم پر اعتبار نہیں کررہے تھے کیونکہ حکومتی میڈیکل ٹیم پانچ ہفتوں تک بانی پی ٹی آئی کا بلڈ پریشر بھی ٹھیک نہیں کرسکی۔ انہوں نے کہا کہ مفرور نواز شریف سے ملاقات کے لیے پوری کابینہ سرکاری خرچ پر لندن جاتی رہی، جبکہ وفاق کی جانب سے پی ٹی آئی کو نشانہ بنایا جارہا ہے۔ ہمایوں مہمند کا کہنا تھا کہ 1970 سے اب تک وفاقی فیصلے غلط ثابت ہوئے ہیں، اس لیے موجودہ پالیسی پر بحث کیوں نہ کی جائے۔ نیشنل ایکشن (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 59)

اسلام آباد، صدر مملکت آصف زرداری سعودی عرب کے پاکستان میں نئے سفیر ڈاکٹر راجح بن طامی البقمی کو دستاویزات پیش کررہے ہیں

بلاول بھٹو کی حکومت اور اپوزیشن کو پھر مذاکرات کی تجویز

دہشتگردی کیخلاف متحد ہوکر لڑنے کا مشورہ

صدر مملکت کو ایمرجنسی کے نفاذ کا اختیار ہے، خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی لگی تو اس کے ذمہ دار وزیر اعلیٰ ہیں، چیئرمین پی پی

دہشتگردی کیخلاف مؤثر حکمت عملی کیلئے سیاسی اختلافات سے بالاتر ہوکر کام کرنا ہوگا، پی ٹی آئی نے خود سیاسی خودکش حملہ کیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے ایک بار پھر حکومت اور اپوزیشن کے درمیان مذاکرات کی تجویز دے دی اور دہشت گردی کے خلاف متحد ہو کر لڑائی لڑنے کا بھی مشورہ دیا ہے۔ قومی اسمبلی میں اظہارِ خیال کرتے ہوئے بلاول بھٹو زرداری کا کہنا تھا کہ آئین کے مطابق صدر مملکت کو ایمرجنسی کے نفاذ کا اختیار ہے، حکومت نے ہر ممکن کوشش کہ یہ قدم نہ اٹھانا پڑے، خیبر پختونخوا کے موجودہ حالات میں پی ٹی آئی کا کردار ہے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 58)

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف ہاؤسنگ اور زراعت سیکٹر بارے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

پختونخوا، گاڑیاں واپس نہ کرنیوالے سابق وزراء کیخلاف مقدمات درج

شفیع جان کے پاس موجود سرکاری گاڑیوں کی تفصیلات بھی طلب کرلیں گئیں

پشاور (آئی این پی) خیبر پختونخوا میں سرکاری گاڑیاں اور سامان واپس نہ کرنے والے پی ٹی آئی کے سابق صوبائی وزرا کے خلاف مقدمات درج کرلئے گئے۔ رپورٹ کے مطابق سابق صوبائی وزیر فخر جہاں کے خلاف مقدمہ درج کرلیا گیا، جبکہ سابق صوبائی وزیر ریاض خان کے خلاف بھی مقدمہ درج کیا گیا۔ حکام نے شفیع جان کے پاس موجود سرکاری گاڑیوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)

بلوچستان، سیکیورٹی فورسز کا آپریشن ردالفتنہ، 5 دہشتگرد ہلاک 4 زخمی

ہلاک دہشت گردوں کے قبضے سے آر پی جی 7، 5 گولے، میگزینز سمیت 5 جدید ہتھیار، 3 موبائل فونز اور 2 موٹرسائیکلیں شامل

سیکیورٹی فورسز بلوچستان سے دہشگردی خاتمے کیلئے پرعزم ہیں، آخری دہشت گرد کے خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی

کوئٹہ (مانیٹرنگ ڈیسک) سیکیورٹی فورسز کی بلوچستان میں آپریشن ردالفتنہ 3 کے فتنہ الہندوستان کیخلاف بھرپور کارروائیاں جاری ہیں۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق ضلع واشک کے علاقہ پلانٹک میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کیا گیا، جس میں 5 دہشت گرد جہنم واصل، جبکہ 4 زخمی ہوئے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ سیکیورٹی فورسز نے ہلاک دہشت گردوں کے قبضے سے جدید اسلحہ و گولہ بارود برآمد کرلیا ہے، برآمد شدہ سامان میں آر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

کے پی میں گورنر راج اور ایمرجنسی نفاذ پشاور ہائیکورٹ میں چیلنج

بیرسٹر گوہر اور محسن داوڑ کی درخواست میں صدر، وفاق کو فریق بنایا گیا

پشاور (مانیٹرنگ ڈیسک) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر اور محسن داوڑ نے الگ الگ درخواستوں میں کے پی میں گورنر راج اور ایمرجنسی کے نفاذ کو پشاور ہائی کورٹ میں چیلنج کردیا۔ بیرسٹر گوہر نے علی زمان ایڈووکیٹ کی وساطت سے پشاور ہائی کورٹ میں درخواست دائر کردی جس میں درخواست کو جلد سماعت کرنے کی استدعا کی گئی ہے۔ دریں اثنا خیبر پختون خوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ کے خلاف پشاور ہائیکورٹ میں آئینی درخواست بھی دائر کردی گئی جو کہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

چینی برآمد، پنجاب اور سندھ کے کوٹے کی منظوری

ایڈوانس پیمنٹ یا ایل سی پر ہوگی، صرف بحری جہاز کے ذریعے بھیجی جائے گی

کراچی (آئی این پی) اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے چینی کی برآمد پر نیا سرکلر جاری کردیا۔ دو لاکھ ٹن چینی برآمد کی نئی ہدایات جاری کر دی گئیں۔ رپورٹ کے مطابق پنجاب اور سندھ کے کوٹے کی منظوری دے دی گئی جبکہ خیبر پختونخوا کے کوٹے کی منظوری ابھی باقی ہے۔ چینی کی برآمد ایڈوانس پیمنٹ یا ایل سی پر ہوگی، چینی صرف بحری جہاز کے ذریعے بھیجی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 51)

حقِ شفعہ کے دعوے میں دونوں طلبیں ثابت کرنا لازمی، سپریم کورٹ

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) سپریم کورٹ نے قرار دیا ہے کہ حقِ شفعہ کے دعوے میں قانون کے تحت مقررہ دونوں طلبیں ثابت کرنا لازمی ہے جبکہ فروخت کا علم ہونے کے بعد حقِ شفعہ استعمال کرنے کے ارادے کا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 49)

ایران اور عمان کے درمیان مشاورت جاری ہے، اسماعیل بقائی

تہران (صباح نیوز) ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے کہا ہے کہ ایران اور عمان آبنائے ہرمز میں بحری آمدورفت سے متعلق عارضی معاہدے پر عمل درآمد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 50)

اسلام آباد، وفاقی وزیر احسن اقبال کے ہمراہ چینی بزنس وفد کا ملاقات کے بعد گروپ فوٹو

بجلی تقسیم کار کمپنیوں نجکاری کیلئے نئی منظوری درکار نہیں، پرائیوٹائزیشن کمیشن

مشترکہ مفادات کونسل نے 2011 میں کمپنیوں کی نجکاری کی منظوری دی تھی

اسلام آباد (آئی این پی) نجکاری ڈویژن نے سینیٹ کی فنکشنل کمیٹی برائے منتقلی اختیار کی سب کمیٹی کو جواب جمع کراتے ہوئے موقف اختیار کیا ہے کہ بجلی تقسیم کار کمپنیوں کی نجکاری کے لیے مشترکہ مفادات کونسل کی نئی منظوری درکار نہیں۔ نجکاری ڈویژن کے مطابق مشترکہ مفادات کونسل نے 2011 میں بجلی پیدا کرنے والی تین اور بجلی کی نو تقسیم کار کمپنیوں کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

احتجاج میں جابرانہ کارروائی مودی سرکار کو عالمی سطح پر سبکی

نئی دہلی (آئی این پی) بی جے پی کو فائدہ پہنچانے کیلئے ووٹرلسٹوں میں ہیرا پھیری، 13 کروڑ سے زائد نام خارج کرنا مودی کو مہنگا پڑ گیا۔ انسانی حقوق کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

باجوڑ میں فائرنگ سے پولیس اہلکار شہید، 2 افراد زخمی

پولیس نے واقعے سے متعلق تحقیقات شروع کردیں، علاقے میں سرچ آپریشن

باجوڑ (مانیٹرنگ ڈیسک) باجوڑ میں فائرنگ کے واقعے میں پولیس اہلکار شہید اور 2 افراد زخمی ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق باجوڑ کی تحصیل خار کے علاقے لوئی سم میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 52)

جاپان میں پاکستانیوں کیلئے ای پاسپورٹ سروس کا آغاز آج سے ہوگا

خدمات کی منظم فراہمی کے لیے اپائنٹمنٹ کا طریقہ کار مقرر کیا گیا

ٹوکیو (آئی این پی) جاپان میں مقیم پاکستانیوں کیلئے ٹوکیو میں پاکستانی سفارت خانے میں آج 15 اکتوبر سے ای پاسپورٹ سروس شروع ہوگی۔ اس نئی سہولت کے تحت درخواستیں پیشگی اپائنٹمنٹ کی بنیاد پر وصول کی جائیں گی۔ کمیونٹی ویلفیئر اتاشی زہرا دستگیر کی جانب سے جاری اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ درخواست گزاروں کی سہولت اور خدمات کی منظم فراہمی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)



اسلام آباد، نائب وزیراعظم اسحاق ڈار سے عمانی ہم منصب ملاقات کررہے ہیں

آئینی عدالت، بشریٰ کی سزا معطلی کی درخواست ناقابل سماعت قرار

عدالت نے سلمان صفدر کو تحریری دلائل پوائنٹس جمع کرانے کا حکم دے دیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی آئینی عدالت نے بشریٰ بی بی کی سزا معطلی کی درخواست ناقابل سماعت قرار دے دی۔ چیف جسٹس امین الدین خان سربراہی میں 2 رکنی بنچ نے بشریٰ بی بی سزا معطلی کیس کی سماعت کی، بشریٰ بی بی کے وکیل سلمان صفدر نے دلائل دیئے، سلمان اکرم راجہ بھی کمرہ عدالت میں سلمان صفدر کیساتھ موجود تھے۔ سلمان صفدر نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)

اسلام آباد، چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی تقریب سے خطاب کررہے ہیں

ریاض، تین میزائل فضا میں تباہ، ملبہ گرنے سے 4 زخمی

ریاض (صباح نیوز) سعودی دارالحکومت ریاض اور جنوبی علاقے میں تین میزائلوں کو فضا ہی میں تباہ کر دیا، ملبہ گرنے سے 4 افراد زخمی ہو گئے۔ سعودی اتحادی فوج کے ترجمان ترکی المالکی نے ایکس پر اپنے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 53)

خیبر پختونخوا میں سیاسی صورتحال۔ حکومت کی بحالی کا امکان

ایمرجنسی 2029 تک برقرار رہ سکتی، اختیارات وفاق کے پاس ہی رہیں گے

پشاور (نمائندہ شہرنامہ) خیبر پختونخوا میں پاکستان تحریک انصاف کی حکومت دوبارہ بحال ہونے کی قوی امید ظاہر کی جارہی ہے۔ ذرائع کے مطابق صوبے میں جاری سیاسی بے یقینی جلد ختم ہونے والی ہے۔ بتایا گیا ہے کہ حکومت کی بحالی کے لیے خیبر پختونخوا اسمبلی کے اندر انتخابی عمل مکمل کیا جائے گا۔ چونکہ ایوان میں پاکستان تحریک انصاف کو واضح مینڈیٹ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 54)

اسلام آباد، پاک چین کی دوستی سے متعلق تقریب میں مشیر وزیراعظم ہارون اختر کے ہمراہ شرکاء کا گروپ فوٹو

ایک سال میں 15 لاکھ پاکستانی بچے آن لائن ہراسانی کا شکار ہوئے

حکومتیں بچوں کے تحفظ کے اقدامات کو مضبوط بنائیں، یو این سیکرٹری جنرل

نیویارک (آئی این پی) پاکستان میں ایک سال کے دوران انٹرنیٹ استعمال کرنیوالے تقریبا 15 لاکھ بچوں کو آن لائن ہراسانی کا سامنا کرنے کا انکشاف ہوا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق اقوام متحدہ کی ایک اعلی عہدیدار نے خبردار کیا ہے کہ مصنوعی ذہانت (اے آئی) اور دنیا بھر میں بیک وقت جاری بحران بچوں کے لئے نئے خطرات پیدا کر رہے ہیں۔ اقوام (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

سعودی عرب پر حملوں کو کبھی فراموش نہیں کروں گا: ٹرمپ

واشنگٹن (صباح نیوز) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اپنے ایک بیان میں یمن کے حوثیوں پر الزام عائد کیا ہے کہ وہ امریکی وسط مدتی انتخابات سے قبل جان بوجھ کر تیل کی قیمتیں بڑھانے کی کوشش کررہے ہیں۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

پاکستان اور عمان کا خطے میں قیام امن کیلئے ملکر کام کرنے پر اتفاق

دونوں وزرائے خارجہ کے درمیان یہ ملاقات پاکستان اور عمان کے آٹھویں مشترکہ وزارتی اجلاس سے قبل ہوئی

باہمی دلچسپی کے تمام شعبوں میں تعاون مزید مضبوط بنانے کیلئے اعلیٰ سطح پر رابطوں کا سلسلہ جاری رہنا چاہیے، اتفاق

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر اسحاق ڈار اور عمان کے وزیر خارجہ سید بدر بن حمد بن حمود البوسعیدی نے خطے میں امن کیلئے مل کر کام کرنے پر اتفاق کیا ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق دونوں وزرائے خارجہ کے درمیان یہ ملاقات پاکستان اور عمان کے آٹھویں مشترکہ وزارتی اجلاس سے قبل ہوئی۔ ملاقات میں دونوں رہنماؤں نے پاکستان اور عمان کے قریبی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 55)

محمد اورنگزیب کی امریکی محکمہ خارجہ کے سفیر سے ملاقات

دوطرفہ معاشی تعاون پر گفتگو، ریلیف فراہم کرنے کے اقدامات سے بھی آگاہ کیا

بنکاک (صباح نیوز) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے امریکی محکمہ خارجہ کے سفیر یون سے ملاقات کی جس میں تجارت، توانائی، اہم معدنیات اور سرمایہ کاری میں تعاون پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفاقی وزیر خزانہ و محصولات، سینیٹر محمد اورنگزیب نے تھائی لینڈ کے شہر بنکاک میں ورلڈ بینک گروپ اور آئی ایم ایف کے سالانہ اجلاسوں کے موقع پر امریکی محکمہ خارجہ کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)

سربراہ پاک فضائیہ سے برازیل کے دفاعی وفد کی ملاقات، باہمی امور پر غور

تزویراتی وسلامتی کے ماحول میں برتری کیلئے تکنیکی ترقی، خودانحصاری اور دفاعی صلاحیتوں میں مسلسل اضافے کی اہمیت پر زور

ائیر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو کا دونوں ممالک کے مابین دوطرفہ دفاعی تعاون کو مزید فروغ دینے کے عزم کا بھی اعادہ

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وفاقی جمہوریہ برازیل کے اعلیٰ سطحی دفاعی وفد نے مسلح افواج کے سربراہانِ مشترکہ اسٹاف کے چیف، ایڈمرل رینالٹو روڈریگز ڈی اگیار فریرے کی قیادت میں ایئر ہیڈکوارٹرز اسلام آباد میں سربراہ پاک فضائیہ، ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو سے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران دونوں ممالک کی جانب سے باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا، جس میں دوطرفہ دفاعی تعاون (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)

اسلام آباد، وفاقی وزیر قیصر احمد شیخ سے ڈپٹی ڈائریکٹر CAREC انسٹیٹیوٹ ملاقات کررہے ہیں

پشاور، خیبر باڑہ بازار بند، پولیس کی بھاری نفری تعینات

باڑہ و ملحقہ علاقوں میں سیکیورٹی ہائی الرٹ، تمام دکانیں اور مارکیٹیں بند

خیبر (آئی این پی) خیبر میں باڑہ بازار بدھ کے روز بند رہا۔ ڈی پی او وقار احمد کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا کہ تمام دکانیں اور مارکیٹیں بند رہیں گی۔ باڑہ بازار کے داخلی اور خارجی راستوں پر پولیس کی بھاری نفری تعینات کردی گئی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ گزشتہ روز پی ٹی آئی احتجاج کے دوران پرتشدد واقعات پیش آئے، مشتعل مظاہرین نے نادرا آفس کو آگ لگادی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 46)

سردار ایاز صادق کا اسپیکر آفس کے ٹیلی فون آپریٹر شریف اللہ کی والدہ کے انتقال پر اظہار تعزیت

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے اسپیکر آفس کے ٹیلی فون آپریٹر شریف اللہ کی والدہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)

INTERNATIONAL CONFERENCE ON
Inclusive and Resilient Economic Empowerment and Growth
From Poverty to Prosperity
OCTOBER 2026
Islamabad

اسلام آباد، چیئرمین وزیراعظم یوتھ پروگرام رانا مشہود خان تقریب سے خطاب کررہے ہیں

یمنی حوثیوں کا جدید بیلسٹک میزائل تیار کرنے کی کوششوں کا انکشاف

صنعا (آئی این پی) یمن کے حوثی گروپ کی جانب سے جدید بیلسٹک میزائل تیار کرنے کی کوششوں کا انکشاف ہوا ہے۔ امریکی اخبار وال اسٹریٹ جرنل کے مطابق حوثی جنگجو چین سے فراہم کردہ پرزوں کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 57)

اسلام آباد ہائیکورٹ، ٹول ٹیکس، جرمانوں، ایم ٹیگ مقدمات یکجا

ٹول ٹیکس کا تو معاملہ ہی ختم ہوگیا، این ایچ اے اضافہ کیسے کرسکتی؟ چیف جسٹس

اسلام آباد (آئی این پی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے موٹرویز اور اہم شاہراہوں پر ٹول ٹیکس میں اضافے، جرمانوں میں 50 فیصد اضافے اور ایم ٹیگ سے متعلق مقدمات یکجا کرتے ہوئے تمام کیسز کی سماعت آئندہ ہفتے تک ملتوی کردی۔ چیف جسٹس سرفراز ڈوگر نے جوڈیشل ایکٹیوازم پینل کی درخواست پر سماعت کی۔ چیف جسٹس سرفراز ڈوگر نے ریمارکس دیئے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 56)

مالیاتی فراڈ سکیموں کے خلاف SECP کا نیا یونٹ قائم

کارپوریٹ انٹیلی جنس یونٹ مشکوک مالیاتی سرگرمیوں پر کڑی نظر رکھے گا

اسلام آباد (آئی این پی) سیکیورٹی اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) کی جانب سے مالیاتی فراڈ کی اسکیموں کی روک تھام اور مالیاتی سرگرمیوں کی نگرانی کیلئے نیا یونٹ قائم کر دیا گیا۔ جاری بیان کے مطابق کارپوریٹ انٹیلی جنس یونٹ مشکوک مالیاتی سرگرمیوں پر کڑی نظر رکھے گا۔ عوام کی جمع پونجی کو خطرے میں ڈالنے والی اسکیموں کی بروقت نشاندہی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 47)

سابق وزیراعلیٰ مغربی بنگال پر چاقو سے حملہ، خاتون گرفتار

نئی دہلی (آئی این پی) بھارتی ریاست مغربی بنگال کی سابق وزیر اعلیٰ ممتا بنرجی پران کی رہائش گاہ کے قریب مبینہ طور پر چاقو سے حملے کی کوشش کی گئی۔ بھارتی میڈیا رپورٹ کے مطابق ممتا بنرجی کی پارٹی نے الزام عائد کیا ہے کہ ایک خاتون نے گزشتہ شام ممتا بنرجی پر چاقو سے حملہ کیا جبکہ پولیس نے اس واقعے کو جھگڑا قرار (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)

وفاقی عدالت، پی ایس سی کے کامیاب امیدواروں کا اسٹیٹس بحال

امیدواروں کو ہٹانے سے قبل کسی کو شوکاز نوٹس جاری نہیں کیا گیا، جسٹس علی باقر

اسلام آباد (آئی این پی) وفاقی آئینی عدالت نے پنجاب پبلک سروس کمیشن کے تحت کامیاب ہوئے امیدواروں کا اسٹیٹس بحال کر دیا۔ چیف جسٹس امین الدین خان سربراہی میں دو رکنی بینچ نے سماعت کی۔ آئینی عدالت نے امیدواروں کی بحالی کی درخواستیں منظور کرتے ہوئے پنجاب پبلک سروس کمیشن کا موقف مسترد کر دیا۔ وکیل درخواست گزار کے مطابق (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)

Daily SHEHAR NAMA Islamabad
روزنامہ شہرنامہ اسلام آباد

ایڈیٹوریل

فون: 0333-5196088
0344-5335568
Email:sheharnama@gmail.com

پبلشر عائشہ تنویر نے روحانی آرٹ پرنٹنگ پریس E/35 چغتائی پلازہ فضل حق روڈ بلیو ایریا اسلام آباد سے چھپوا کر سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد سے شائع کیا

رابطہ آفس: سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد
آفس: سٹریٹ نمبر 10، 11th ایونیو بحریہ انکلیو اسلام آباد

سعودی عرب پر حملے، پاکستان کا امتحان شروع!

وزیراعظم شہباز شریف کی جانب سے سعودی عرب پر حوثیوں کے حملوں کو علاقائی امن کے لیے سنگین خطرہ قرار دینا پاکستان کی خارجہ پالیسی کے بنیادی اصولوں، سعودی عرب کے ساتھ دیرینہ تعلقات اور مشرق وسطیٰ میں بدلتی ہوئی تزویراتی صورت حال کا اظہار ہے۔ خطے میں بڑھتی کشیدگی نے ایک مرتبہ پھر یہ سوال کھڑا کر دیا ہے کہ اگر مشرق وسطیٰ میں جاری تنازعات کی آگ پھیلتی ہے تو پاکستان اپنے قومی مفادات، علاقائی ذمہ داریوں اور مسلم دنیا کے ساتھ تعلقات میں توازن کیسے برقرار رکھے گا؟ پاکستان اور سعودی عرب کے تعلقات محض دو ریاستوں کے سفارتی روابط تک محدود نہیں۔ ان میں مذہبی عقیدت، تاریخی قربت، معاشی تعاون، دفاعی شراکت داری اور ایک دوسرے کی مشکل وقت میں مدد کرنے کی روایت شامل ہے۔ سعودی عرب میں مسلمانوں کے مقدس ترین مقامات کی موجودگی اس تعلق کو پاکستانی عوام کے لیے غیر معمولی اہمیت دیتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ سعودی سرزمین، بالخصوص مقدس مقامات اور شہری آبادیوں کو نشانہ بنانے والے کسی بھی حملے پر پاکستان میں فطری طور پر تشویش پیدا ہوتی ہے۔ تاہم اس تشویش کو ایک ذمہ دار ریاست کی پالیسی میں ڈھالنے کے لیے جذبات کے ساتھ ساتھ حالات کا درست تجزیہ بھی ضروری ہے۔ حوثیوں اور سعودی عرب کے درمیان تنازع کوئی نیا معاملہ نہیں۔ یمن کی خانہ جنگی اور بحیرہ احمر میں بحری جہازوں کو لاحق خطرات نے اس تنازع کو کئی برسوں سے بین الاقوامی سیاست کا اہم موضوع بنا رکھا ہے۔ اس لیے موجودہ کشیدگی کو صرف ایک واقعے یا ایک حملے کے تناظر میں نہیں دیکھا جا سکتا۔ یہ مشرق وسطیٰ میں طاقت کے توازن، علاقائی اثر و رسوخ اور اہم بحری گزرگاہوں پر کنٹرول کی وسیع تر کشمکش کا حصہ ہے۔ آبنائے ہرمز اور باب المندب کی جغرافیائی اہمیت اس صورت حال کو مزید خطرناک بناتی ہے۔ آبنائے ہرمز خلیج فارس سے عالمی منڈیوں تک تیل کی ترسیل کا ایک بنیادی راستہ ہے، جب کہ باب المندب بحیرہ احمر کو خلیج عدن اور بحر ہند سے ملاتا ہے۔ ان میں سے کسی ایک گزرگاہ میں بھی طویل تعطل عالمی توانائی کی منڈیوں، بحری نقل و حمل اور بین الاقوامی تجارت کو متاثر کر سکتا ہے۔ اگر دونوں راستوں پر بیک وقت خطرات بڑھ جائیں تو اس کے اثرات محض سعودی عرب، ایران یا یمن تک محدود نہیں رہتے بلکہ ایشیا، یورپ اور افریقہ کی معیشتیں بھی اس کی زد میں آتی ہیں۔ پاکستان کے لیے یہ صورت حال کئی حوالوں سے اہم ہے۔ سب سے پہلی وجہ توانائی کا تحفظ ہے۔ پاکستان اپنی توانائی کی ضروریات پوری کرنے کے لیے درآمدی تیل اور گیس پر انحصار کرتا ہے۔ خلیجی خطے میں کشیدگی، تیل کی ترسیل میں رکاوٹ یا عالمی منڈی میں قیمتوں کا اچانک بڑھ جانا پاکستان کے درآمدی بل، زرمبادلہ کے ذخائر اور مہنگائی پر دباؤ بڑھا سکتا ہے۔ اگر تیل مہنگا ہوتا ہے تو اس کا اثر صرف پٹرول پمپ تک محدود نہیں رہتا؛ بجلی کی پیداوار، ٹرانسپورٹ، صنعت، زرعی لاگت اور بالآخر عام آدمی کے گھریلو بجٹ تک پہنچتا ہے۔ معاشی مشکلات سے دوچار پاکستان کے لیے توانائی کی قیمتوں میں غیر معمولی اضافہ ایک اضافی بوجھ بن سکتا ہے۔ دوسری بڑی وجہ سعودی عرب میں مقیم پاکستانیوں کی سلامتی اور ان کی معاشی اہمیت ہے۔ سعودی عرب میں کسی وسیع جنگ یا مسلسل عدم استحکام سے پاکستانی کارکنوں کی سلامتی، روزگار اور روزمرہ زندگی متاثر ہو سکتی ہے۔ تیسرا پہلو پاکستان کی دفاعی اور سفارتی ذمہ داریوں سے متعلق ہے۔ پاکستان سعودی عرب کی سلامتی کے حوالے سے اپنی حمایت کا اظہار کرتا رہا ہے، لیکن ہر نئی کشیدگی میں یہ طے کرنا ضروری ہوتا ہے کہ حمایت کی نوعیت، حدود اور عملی تقاضے کیا ہوں گے۔ مقدس مقامات اور سعودی شہریوں کے تحفظ کے لیے تعاون ایک قابل فہم اور اہم موقف ہے۔ چوتھا پہلو پاکستان کی سفارتی ساکھ کا ہے۔ پاکستان اگر سعودی عرب کی سلامتی کے تحفظ کے لیے آواز اٹھاتا ہے تو اسے ریاض، تہران، انقرہ اور دیگر اہم دارالحکومتوں کے ساتھ مسلسل رابطے میں رہنا چاہیے تاکہ کشیدگی کو مزید پھیلنے سے روکا جا سکے۔ بالخصوص ایسے وقت میں جب عالمی طاقتیں اپنے اپنے مفادات کے تحت خطے میں سرگرم ہیں، ایک ذمہ دار سفارتی کردار پاکستان کے لیے اہمیت رکھتا ہے۔ پانچویں وجہ مسلم دنیا میں بڑھتی ہوئی تقسیم ہے۔ اگر ایران، سعودی عرب اور یمن کے تنازعات فرقہ وارانہ رنگ اختیار کرتے ہیں تو اس کے اثرات پاکستان کے اندر بھی محسوس ہو سکتے ہیں۔ اس تمام صورت حال میں ایک اہم سوال یہ بھی ہے کہ سعودی عرب کو اپنی سرزمین اور شہریوں کے دفاع کا حق حاصل ہے، لیکن یمن کے عوام پہلے ہی برسوں کی جنگ، غربت، بے گھری اور انسانی المیے کا سامنا کر چکے ہیں۔ حوثیوں کے حملوں کی مذمت کرتے ہوئے اس انسانی بحران کو نظرانداز نہیں کیا جانا چاہیے۔ پاکستان کے لیے اب اصل امتحان بیانات اور عملی حکمت عملی کے درمیان ہم آہنگی پیدا کرنا ہے۔ سعودی عرب کی خودمختاری، شہریوں اور مقدس مقامات کا تحفظ ایک اہم ذمہ داری ہے، مگر اس کے ساتھ پاکستان کو اپنی معیشت، توانائی کی ضروریات اور علاقائی امن کو بھی سامنے رکھنا ہوگا۔ آبنائے ہرمز اور باب المندب کی کشیدگی یہ واضح کرتی ہے کہ آج کسی ایک خطے میں جنگ محض مقامی مسئلہ نہیں رہتی۔ اس کی قیمت دنیا کے مختلف حصوں میں عام شہری ادا کرتے ہیں۔ وزیراعظم شہباز شریف کا سعودی عرب کے ساتھ یکجہتی کا اظہار درست سمت میں ایک اہم سفارتی قدم ہے۔ اب ضرورت اس امر کی ہے کہ پاکستان اس حمایت کو امن کے لیے مؤثر سفارت کاری کے ساتھ جوڑے۔

کے پی میں تبدیلی!

ملکہ کوہسار
امتیاز احمد عباسی
Sheharnama@gmail.com

خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ کے بعد گورنر کی سربراہی میں 11 رکنی مشاورتی کونسل بنا دی گئی جس میں خیبر پختونخوا ہی سے تعلق رکھنے والے انتظامی، مالیاتی، قانونی، سیاسی، طبی اور ترقیاتی شعبوں کے تجربہ کار افراد شامل کیے گئے ہیں۔ بعض حلقوں کا خیال یہ ہے کہ مقامی حالات سے واقف شخصیات کی کونسل میں شمولیت سے زمینی حقائق اور عوامی ضروریات کو فیصلہ سازی میں بہتر نمائندگی ملنے کا موقع ملے گا اور ان کی اپنے شعبوں میں مہارت سے گورننس کے ثمرات پہلے کی نسبت تیزی سے نیچے منتقل ہوں گے کیونکہ پاکستان تحریکِ انصاف (پی ٹی آئی) کی صوبائی حکومت کی ساری توجہ عوامی مسائل حل کرنے کی بجائے اپنے سیاسی مفادات کے تحفظ پر مرکوز تھی۔ اس معاملے کا نتیجہ کچھ بھی ہو لیکن یہ ایک حقیقت ہے کہ یہ فیصلہ ایسے وقت میں ہوا ہے جب ملک پہلے ہی سیاسی تقسیم، معاشی دباؤ اور دہشت گردی کے خطرات سے دوچار ہے۔

صوبے میں نئی انتظامی صورتحال کے پیدا ہونے کے ساتھ ہی شورش زدہ نامزد اضلاع میں ایریا ڈویلپمنٹ سیکریٹریٹ کا قیام انتظامی، ترقیاتی اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے درمیان مؤثر رابطہ کاری بہتر بنانے کے لیے اہم اقدام ہے۔ اس انتظامی بندوبست کا حصہ بننے والے اضلاع میں ڈیرہ اسماعیل خان، ٹانک، لکی مروت، بنوں، باجوڑ، مہمند، خیبر، کرم، اورکزئی، شمالی وزیرستان، جنوبی وزیرستان اپر اور جنوبی وزیرستان لوئر شامل ہیں۔ یہ فیصلہ بھی کیا گیا ہے کہ ایڈیشنل چیف سیکریٹری خیبر پختونخوا (نامزد اضلاع) ایریا ڈویلپمنٹ سیکریٹریٹ کے سربراہ اور متعلقہ اضلاع کے ایڈمنسٹریٹر کے طور پر کام کریں گے۔ ایڈمنسٹریٹر کو متعلقہ اضلاع میں انتظامی امور، محکموں کی نگرانی، اداروں کے درمیان رابطہ کاری اور فنڈز کی تقسیم و منتقلی سے متعلق اہم ترین اختیارات دیے گئے ہیں۔

بعض حلقوں کی طرف سے کہا جا رہا ہے کہ ان واضح انتظامی ذمہ داریوں اور مربوط نگرانی سے سرکاری فیصلوں پر عمل درآمد بہتر بنانے اور اداروں کے درمیان غیر ضروری تاخیر کم کرنے میں مدد ملے گی جس سے ان اضلاع میں امن عامہ قائم کرنے میں مدد ملے گی۔ سول انتظامیہ، پولیس اور فوجی حکام کے درمیان رابطہ کاری کو بہتر بنانا، امن و امان کا قیام اور شہریوں کا تحفظ اس انتظامی بندوبست کے اہم پہلو ہیں۔ اس سلسلے میں ایک اہم بات یہ بھی ہے کہ ان اضلاع کی نمائندگی کے لیے علاقہ نمائندہ و ترقیاتی کونسل کے ارکان ہر ضلع سے اس کی آبادی، رقبے اور قبیلے کی شناخت کو سامنے رکھ کر منتخب کیے جائیں گے اور ایسے علاقائی عمائدین چنے جائیں گے جو اچھی شہرت کے ساتھ ساتھ فتنہ الخوارج اور دہشت گردی کے خلاف واضح موقف رکھتے ہوں۔ مقامی معزز شخصیات پر مشتمل ایریا ریپریزنٹیٹو و ڈویلپمنٹ کونسل نامزد اضلاع کے مسائل اور ترقیاتی ترجیحات کو انتظامی نظام تک پہنچانے میں مددگار ثابت ہوگی۔ خیبر پختونخوا کے موجودہ حالات کے بارے میں بات کرتے ہوئے اس حقیقت کو تسلیم کرنا ضروری ہے کہ دہشت گردی کا ایک نہایت سنگین مسئلہ ہے جس کی حساسیت سے انکار ممکن نہیں۔ عام شہری، پولیس اہلکار اور سکیورٹی فورسز کے جوان برسوں سے اس ناسور کا نشانہ بنتے آ رہے ہیں۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ سے پہلے کابینہ کے اجلاس میں یہی نکتہ اٹھایا کہ دہشت گردی کے واقعات میں شہریوں اور سکیورٹی فورسز کو نشانہ بنایا جا رہا ہے۔ دس سال میں صوبائی حکومت کو دہشت گردی کے خلاف جنگ کے لیے 800 ارب روپے دیے گئے مگر پولیس اور محکمہ انسدادِ دہشت گردی (سی ٹی ڈی) کو مضبوط نہیں کیا گیا۔ وزیراعظم نے اپنے خطاب میں بتایا کہ مولانا فضل الرحمن نے مذاکرات میں کردار ادا کرنے کی ہامی بھری تھی اور صدرِ مملکت، بلاول بھٹو اور نواز شریف کی اجازت سے بات چیت ہوئی۔ ان کے بقول، سہیل آفریدی کی وجہ سے اس عمل کو بریکیں لگ گئیں اور وہ طے شدہ مسودے سے پیچھے ہٹ گئے۔ وزیراعظم کی ان باتوں کو واقعی سنجیدگی سے لیا جانا چاہیے۔ اگر وسائل فراہم کیے گئے اور ان کا درست استعمال نہیں ہوا تو یہ سوال بالکل جائز ہے۔ دوسری جانب، ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ کے فیصلے پر اعتراض کرتے ہوئے پی ٹی آئی کے چیئرمین بیرسٹر گوہر خان کی طرف سے کہا گیا کہ اگر مسئلہ چند اضلاع میں ہے تو سزا پورے صوبے کو کیوں دی گئی؟ سینیٹ میں قائد حزبِ اختلاف علامہ راجہ ناصر عباس اور دیگر رہنماؤں کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے انھوں نے وفاقی حکومت کے اقدام کو آئین، قانون اور جمہوری اقدار کے خلاف قرار دیا اور کہا کہ عدالتوں، اسمبلیوں اور عوامی فورمز پر آواز اٹھائی جائے گی۔ ادھر، جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمن نے اس فیصلے کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ اگر یہی اقدام ضروری ہے تو بلوچستان میں ایمرجنسی کیوں نافذ نہیں کی جا رہی؟ انھوں نے یہ بھی کہا کہ اگر ایمرجنسی نافذ ہی کرنی ہے تو وفاق میں کی جائے۔ انھوں نے عندیہ دیا کہ ان کی جماعت اس فیصلے کے خلاف حکمت عملی مرتب کرے گی۔ اسی طرح، جماعت اسلامی کے امیر حافظ نعیم الرحمن نے بھی گورنر راج اور ایمرجنسی کی مخالفت کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ مسائل کا حل نہیں۔ حزبِ اختلاف اور مختلف سیاسی جماعتوں اور شخصیات کے اعتراضات اپنی جگہ لیکن یہ ایک حقیقت ہے کہ وفاقی حکومت نے ایمرجنسی اور گورنر راج کے فیصلے سے قبل خیبر پختونخوا میں قائم پی ٹی آئی کی صوبائی حکومت کے ساتھ معاملات کو افہام و تفہیم سے حل کرنے کے لیے بہت کوشش کی مگر بعض عناصر ضد اور ہٹ دھرمی میں اس حد تک آگے نکل گئے کہ وہ کسی کی بات سننے پر آمادہ ہی نہیں تھے۔ خاص طور پر مذاکرات میں طے شدہ شرائط سے پھر جانے والا معاملہ ایسا ہے کہ جس کے لیے کوئی بھی جواز پیش نہیں کیا جا سکتا۔ مزید تکلیف دہ بات یہ ہے کہ اس سب کے دوران صوبے میں امن و امان کے قیام اور عوام کے مسائل کے حل پر جو منفی اثرات مرتب ہو رہے تھے انھیں یکسر نظرانداز کیا جاتا رہا۔ صوبائی حکومت کے قیام کا مقصد یہ تھا کہ صوبے میں امن قائم ہو، دہشت گردی کا خاتمہ ہو، گورننس بہتر ہو، عوام کے مسائل حل ہوں

مہنگا تھپڑ


ان کہی
نسیم شاہد
nasimshahid7@hotmail.com

امریکہ سے ایک خبر آئی کہ سیاٹل ائرپورٹ پر بھارت کے میاں بیوی نیو دہلی جانے کے لئے ائرپورٹ پر آئے، اسی دوران چلتے چلتے دونوں میں تو تکار ہوتی رہی جسے وہاں لوگوں نے نوٹ کیا، اسی دوران طیش میں آ کر شوہر نے بیوی کو زوردار تھپڑ رسید کر دیا۔ تھپڑ اتنا زوردار تھا کہ بیوی گرتے گرتے بچی، یہ منظر بھی وہاں موجود مسافروں نے دیکھا، سی سی ٹی وی کیمروں میں بھی محفوظ ہو گیا، کسی نے ایئرپورٹ انتظامیہ اور پولیس کو اطلاع دی۔ عین اس وقت جب دونوں میاں بیوی بورڈنگ کارڈ لے کر جہاز میں سوار ہونے جا رہے تھے، پولیس نے شوہر کو پکڑ لیا، اس کے ہاتھ ہتھکڑی سے پشت پر باندھ دیئے اسے بتایا کہ تمام ثبوت اکٹھے کر لئے گئے ہیں، تم نے بیوی پر تشدد کیا ہے، اس لئے تمہیں امریکہ سے جانے کی اجازت نہیں، اب تمہیں اس جرم کے ٹرائل کا سامنا کرنا پڑے گا۔ صورتحال کو بھانپتے ہوئے وہ بھارتی شہری منت ترلوں پر اتر آیا اس کی بیوی نے بھی کہا اسے چھوڑ دیں، وقتی طور پر اشتعال میں آ کر اس نے ایسا کیا ہے مگر دونوں کی ایک نہ سنی گئی۔ شوہر کو باقاعدہ گرفتار کر لیا گیا اور بیوی کو اجازت دی کہ وہ سفر کر سکتی ہے لیکن اس نے جانے سے انکار کر دیا۔ پولیس کی طرف سے بتایا گیا جب تک اس کیس کا فیصلہ نہیں ہو جاتا، یہ شخص امریکہ نہیں چھوڑ سکتا۔ میں نے یہ واقعہ اور اس کے بارے میں سوشل میڈیا پر تفصیلی رپورٹ دیکھی تو سوچنے لگا بات صرف ایک تھپڑ کی تھی اور بیوی نے معاف بھی کر دیا تھا، مگر امریکی قانون نے اس کی اجازت نہیں دی کیونکہ یہ جرم سب کے سامنے ہوا تھا اور سب اس سے متاثر ہوئے تھے۔ کوئی خوف میں مبتلا ہوا تھا اور کسی کو غصہ آیا تھا، اس لئے اس ایکٹ کو دو افراد کی رضامندی پر نہیں چھوڑا جا سکتا۔ ہمارے ہاں کیا ہوتا ہے۔ ایسے تشدد کے واقعات آئے روز ہوتے ہیں، مصلحت کے تحت میاں بیوی راضی ہو جائیں تو ہم یہ نعرہ لگا دیتے ہیں کہ کیا کرے گا قاضی۔ قانون کی یہ لچک اور بے توقیری ایسے واقعات کو جنم دیتی ہے۔ یہاں تو قتل کے مقدمات میں زور ڈال کر مدعیوں کو صلح پر مجبور کر دیا جاتا ہے۔ حالانکہ ایسے مقدمات میں ریاست کو مدعی بننا چاہیے۔

میں جب کچھ عرصہ پہلے عمرے کے لئے سعودی عرب گیا تو میں نے مسجد الحرام میں ایک واقعہ دیکھا۔ غالباً بنگلہ دیش کے میاں بیوی تھے نجانے کس بات پر ان میں ایسا جھگڑا ہوا کہ بات مار دھاڑ تک چلی گئی۔ چونکہ وہاں سکیورٹی بہت سخت اور متحرک ہوتی ہے، اس لئے دونوں کو پکڑ لیا گیا، دونوں کو حرم سے باہر لے جا کر ہتھکڑیاں لگائی گئیں اور پولیس کی گاڑی میں لے کر چلے گئے بعد میں یہ خبر ملی کہ بیوی کو تفتیش میں بے گناہ قرار دے کر شوہر کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے اسے ڈی پورٹ کر دیا گیا ہے۔ بیوی نے اس کے ساتھ جانے سے انکار کر دیا تھا، اس لئے اسے عمرہ مکمل کرنے کی اجازت دے دی گئی۔ یہ ہمارے ایشیائی شوہروں کی بنیادی خرابی ہے کہ وہ خود کو عورت پر حاکم سمجھتے ہیں اسی خبط کی وجہ سے اپنی بیویوں کو تشدد کا نشانہ بناتے ہیں اور یہ توقع بھی رکھتے ہیں کہ بیوی کہیں شکایت نہیں کرے گی، مگر اب زمانہ بدل گیا اور خواتین ظلم کے خلاف آواز اٹھانے لگی ہیں۔ گزشتہ دنوں ایک ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر خاتون نے اپنے شوہر کے خلاف ایف آئی آر درج کرا کے اسے گرفتار کرا دیا۔ جو روزانہ اسے تشدد کا نشانہ بناتا تھا۔ اب اس واقعہ سے بھی مردوں کی اس بیماری کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے جو انہیں اپنی بیوی پر حکمرانی کے خبط میں مبتلا کرتی ہے۔ ایک سرکاری افسر جو انتہائی اہم عہدے پر براجمان ہے جب گھریلو تشدد کا شکار ہوتی ہے تو اس کے ذہنی کرب کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔ ہر چیز قانون کے نفاذ پر چلتی ہے اگر قانون کو موم کی ناک بنا دیا جائے تو پھر ایک انتشار پھیلتا ہے اور چیزیں اپنی جگہ سے ہٹ جاتی ہیں۔ میں نے ایک بار اپنے سینئر وکیل دوست سے پوچھا کہ آج کل کچھ ایسے واقعات بھی ہو رہے ہیں جن میں کوئی نوجوان بیٹا اپنے باپ کو جائیداد میں حصہ نہ دینے یا پھر بڑی رقم دینے سے انکار پر قتل کر دیتا ہے۔ ایسے کیسوں کا انجام کیا ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا اکثر ایسے کیسوں میں پولیس قاتل کی ماں یا مقتول کے کسی دوسرے بیٹے یا اس کے بھائی کو مدعی بناتی ہے۔ کچھ عرصے بعد خاندان مل کر یہ فیصلہ کر لیتا ہے کہ باپ تو گیا، اب بیٹے کو تو بچا لیا جائے، یوں اسے معاف کرنے کی کارروائی شروع کی جاتی ہے اور وہ چند ماہ بعد باہر آ جاتا ہے۔ جائیداد تو وہیں پڑی ہوتی ہے۔ باپ دنیا سے جا چکا ہوتا ہے اس لئے وہی بیٹا اس کا وارث بن جاتا ہے۔ میں نے کہا یہ تو بہت خطرناک رجحان ہے، ایسے کیسوں میں ریاست کو مدعی بننا چاہیے تاکہ قاتل سزا سے بچ نہ سکے۔ ہمارے ہاں ایسے بہت سے قانونی خلاء موجود ہیں جو قانون شکنی کے لئے محفوظ راستہ فراہم کرتے ہیں اس لئے لوگ بعض اوقات سی سی ڈی کے فوری انصاف کی حمایت بھی کرنے لگتے ہیں حالانکہ حمایت نہیں کی جانی چاہیے۔

گھریلو تشدد کے واقعات کو ہمارے ہاں ایک معمول سمجھ لیا گیا ہے۔ 80 فیصد واقعات تو پولیس تک پہنچتے ہی نہیں کیونکہ خواتین کو سمجھانے بجھانے والے تسلیاں دے کر خاموش کرا دیتے ہیں۔ کچھ ہماری وہ گھٹیا روایات بھی ہیں جن میں شادی کے بعد بیٹی کو کہا جاتا ہے اب تمہاری وہاں سے لاش ہی آنی چاہیے۔ ایک زمانے میں تو ہماری پنجابی فلموں میں یہ ڈائیلاگ لازمی طور پر استعمال ہوتا تھا۔ آپ اس جملے کی سفاکی پر غور کریں تو دل دہل جاتا ہے، یعنی ہم اپنی بیٹیوں کو رخصت نہیں کرتے بلکہ ایک ظالم انسان کے سپرد کر دیتے ہیں وہ جو چاہے اس سے سلوک کرے حتیٰ کہ اسے مار بھی دے تو کوئی بات نہیں۔ امریکہ میں بیوی کو مارا گیا ایک تھپڑ بھی بہت بھاری پڑتا ہے اور انسان کی ساری زندگی کو ہلا کے رکھ دیتا ہے۔ یہاں ایسی کہانیاں، ایسے واقعات سامنے آتے ہیں کہ بیٹیوں کو مار مار کے ان کی شکل بگاڑ دی جاتی ہے مگر قانون پھر بھی ایسے راستے چھوڑ دیتا ہے جن پر چل کر ملزم بچ جاتا ہے۔ معاشرے میں قانون کے نفاذ کی مثالیں قائم کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ سیاٹل ائرپورٹ پر جو واقعہ ہوا، پولیس نے جس طرح گرفت کی، میرا نہیں خیال کہ اب کوئی دوسرا اس بارے میں سوچے گا بھی کہ اپنی بیوی کو اس طرح سرعام تھپڑ مارے، قانون کی حکمرانی معاشروں کو مضبوط کرتی ہے، وگرنہ وہ کمزور رہتے ہیں اور قانون شکن فائدہ اٹھاتے ہیں۔

خیبر پختونخوا: سیاست سے آگے بڑھنے کا وقت

شہرنامہ
اشرف شریف
ashrafsharif786@yahoo.com

خیبر پختونخوا کی صورت حال کو اب تک زیادہ تر پاکستان تحریک انصاف اور وفاقی حکومت کے درمیان سیاسی کشمکش، احتجاجی مارچ، سکیورٹی آپریشنز اور ایک دوسرے پر الزامات کے تناظر میں دیکھا جاتا رہا ہے۔ ایمرجنسی لگنے کے بعد گورنر کی سربراہی میں ایک انتظامی کونسل بنا دی گئی ہے۔ سیاسی اختلافات اپنی جگہ اہم ہیں اور جمہوری نظام میں ان پر بات بھی ہونی چاہیے، لیکن کسی صوبے کا مستقبل صرف اس کے سیاسی رہنماؤں کے باہمی تعلقات سے متعین نہیں ہوتا۔ اصل سوال یہ ہے کہ وہاں رہنے والے شہریوں کو محفوظ ماحول، معیاری تعلیم، علاج معالجے، روزگار اور ترقی کے مساوی مواقع کب اور کیسے میسر آئیں گے۔ خیبر پختونخوا اس وقت ایسے مرحلے پر کھڑا ہے جہاں سیاسی محاذ آرائی سے آگے بڑھ کر استحکام کی ٹھوس بنیادیں قائم کرنے کی ضرورت ہے۔ دہشت گردی کے خلاف کارروائی، پولیس اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی استعداد میں اضافہ، ضم شدہ اضلاع کی ترقی، نوجوانوں کے لیے معاشی مواقع اور وفاق و صوبے کے درمیان مؤثر رابطہ ایسے معاملات ہیں جنہیں کسی ایک جماعت کی سیاسی کامیابی یا ناکامی کے پیمانے سے نہیں ناپا جا سکتا۔ ان مسائل کا حل قومی ترجیح ہونا چاہیے۔ صوبے میں امن و امان کی صورت حال سب سے پہلے توجہ چاہتی ہے۔ افغانستان سے ملحق سرحدی علاقوں اور ضم شدہ اضلاع میں دہشت گردی کے واقعات نے عام شہریوں، پولیس اہلکاروں، قبائلی عمائدین اور سرکاری ملازمین کی زندگیوں کو متاثر کیا ہے۔ دہشت گردی محض جانوں کا نقصان نہیں کرتی، یہ بازاروں کی رونق، کاروباری سرگرمیوں، بچوں کی تعلیم اور لوگوں کے مستقبل کے بارے میں اعتماد کو بھی کمزور کرتی ہے۔ جہاں شہریوں کو اپنی جان و مال کے تحفظ کی ضمانت نہ ہو، وہاں ترقیاتی منصوبوں کے ثمرات بھی پوری طرح سامنے نہیں آ سکتے۔ وفاقی اور صوبائی سطح پر سکیورٹی کے نظام کو بہتر بنانے، پولیس اور انسداد دہشت گردی کے اداروں کی صلاحیت بڑھانے اور متاثرہ علاقوں میں ریاستی عمل داری مضبوط کرنے کے لیے اقدامات کا وفاق نے وعدہ کیا ہے۔ خیبر پختونخوا کے مالی سال 2025-26 کے بجٹ میں امن و امان کے لیے 158 ارب روپے مختص کرنے کا اعلان کیا گیا تھا، جس میں پولیس کی ضروریات، ساز و سامان اور سکیورٹی کے بنیادی ڈھانچے کو بہتر بنانے کے وسائل بھی شامل تھے۔ اسی طرح ضم شدہ اضلاع میں پولیس سٹیشنوں اور چوکیوں کی تعمیر اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی استعداد بڑھانے کے لیے وفاقی سطح پر بھی فنڈز مختص کیے گئے۔ یہ اقدامات اہم ضرور ہیں، لیکن اصل کامیابی بجٹ کے اعلان یا کسی آپریشن کی تکمیل سے نہیں بلکہ اس کے نتیجے میں پیدا ہونے والے پائیدار امن سے ناپی جائے گی۔ دہشت گردوں کے خلاف کارروائی کے ساتھ ان کے مالی وسائل، سہولت کاروں، بھرتی کے نیٹ ورک اور شہری آبادی کو خوف زدہ کرنے کی صلاحیت کو بھی ختم کرنا ہوگا۔ پولیس کو جدید تربیت، انٹیلی جنس، مواصلاتی نظام، محفوظ نقل و حرکت اور مؤثر تفتیش کی سہولتیں فراہم کرنا ضروری ہے۔ اس عمل میں مقامی آبادی کا اعتماد بنیادی حیثیت رکھتا ہے، کیونکہ اپنے علاقے کے حالات اور لوگوں سے واقف شہری قانون نافذ کرنے والے اداروں کی مدد میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ امن کے قیام کا ایک دوسرا پہلو بھی ہے جسے نظرانداز نہیں کیا جا سکتا۔ کسی علاقے میں ریاستی عمل داری اس وقت مستحکم ہوتی ہے جب وہاں کے لوگ ریاست کو صرف سکیورٹی چیک پوسٹ یا فوجی کارروائی کی صورت میں نہیں بلکہ عدالت، سکول، ہسپتال، سڑک، روزگار اور انصاف کی فراہمی کے ذریعے بھی محسوس کریں۔ سکیورٹی آپریشنز جہاں ناگزیر ہوں، وہاں شہریوں کے تحفظ، نقل مکانی کرنے والے خاندانوں کی بحالی اور معمولات زندگی کی بحالی کے لیے بھی واضح منصوبہ بندی ہونی چاہیے۔ طاقت کے استعمال کا مقصد مستقل خوف پیدا کرنا نہیں بلکہ ایسا ماحول بنانا ہے جس میں شہری معمول کی زندگی کی طرف واپس آ سکیں۔ خیبر پختونخوا کے استحکام کا دوسرا بڑا تقاضا ضم شدہ اضلاع کی محرومیوں کا ازالہ ہے۔ سابق فاٹا کا صوبے میں انضمام ایک آئینی اور انتظامی تبدیلی تھی، لیکن اس تبدیلی کی اصل کامیابی اس وقت سامنے آئے گی جب وہاں کے شہریوں کو تعلیم، صحت، روزگار، زمین کے حقوق، پولیس اور عدالتی نظام تک حقیقی رسائی حاصل ہوگی۔ برسوں کی بدامنی، سکیورٹی کارروائیوں، نقل مکانی اور محدود معاشی مواقع نے ان علاقوں کے سماجی ڈھانچے کو متاثر کیا ہے۔

اس پس منظر میں محض ترقیاتی سکیموں کی فہرست کافی نہیں۔ ضرورت ان منصوبوں کی ہے جو لوگوں کی زندگی میں قابل بھروسہ تبدیلی لائیں۔ وفاقی حکومت نے جون 2025 میں ضم شدہ اضلاع کے لیے ایکسلریٹڈ امپلی مینٹیشن پروگرام کے تحت تقریباً 35.97 ارب روپے کے پیکیج کی منظوری دی تھی۔ اس کے علاوہ پولیس کے بنیادی ڈھانچے، فاٹا یونیورسٹی اور جاری ترقیاتی منصوبوں کی واجب الادا رقوم کے لیے بھی وسائل مختص کرنے کے اقدامات کیے گئے۔ پانچ سال پہلے مجھے فاٹا یونیورسٹی کے سست کام کو دیکھ کر مایوسی ہوئی تھی۔ یہ پیش رفت اس لیے اہم ہے کہ ضم شدہ اضلاع کی ترقی صرف صوبائی حکومت کی ذمہ داری نہیں، بلکہ وفاقی حکومت اور دیگر متعلقہ اداروں کو بھی اپنے وعدے پورے کرنا ہوں گے۔ تاہم ان علاقوں کے لیے مختص رقوم کی بروقت فراہمی، شفاف استعمال اور منصوبوں کی مقررہ مدت میں تکمیل بنیادی اہمیت رکھتی ہے۔ مالی سال 2025-26 کے صوبائی وائٹ پیپر میں ضم شدہ اضلاع کے لیے مختص وسائل اور وفاقی رقوم کی فراہمی میں کمی پر تشویش ظاہر کی گئی تھی۔ اس اختلاف کو سیاسی بیان بازی میں تبدیل کرنے کے بجائے ایک واضح مالیاتی لائحہ عمل کے ذریعے حل کیا جانا چاہیے۔ وفاق اور صوبہ مشترکہ طور پر ترجیحی منصوبوں کی فہرست بنائیں، ہر منصوبے کے لیے ذمہ دار ادارہ مقرر کریں اور عوام کو بتایا جائے کہ کتنی رقم جاری ہوئی، کتنا کام مکمل ہوا اور باقی کام کب تک پایہ تکمیل تک پہنچے گا۔ تعلیم اور روزگار کے شعبے اس حکمت عملی کا لازمی حصہ ہونے چاہییں۔ قبائلی نوجوانوں کی بڑی تعداد صلاحیت اور آگے بڑھنے کی خواہش رکھتی ہے، مگر محدود تعلیمی سہولتوں، فنی تربیت کی کمی اور روزگار کے ناکافی مواقع کے باعث انہیں مشکلات کا سامنا ہے۔ وفاقی حکومت کی جانب سے ضم شدہ اضلاع کے طلبہ کے لیے میڈیکل کالجوں اور انجینئرنگ یونیورسٹیوں میں کوٹے کی بحالی اور فاٹا یونیورسٹی کو مضبوط بنانے کے اقدامات اسی ضرورت سے جڑے ہوئے ہیں۔ اب ضرورت اس بات کی ہے کہ ان اقدامات کو وظائف، فنی تعلیم، ڈیجیٹل مہارتوں، چھوٹے کاروبار کے لیے قرضوں اور مقامی صنعتوں کی ترقی کے ساتھ جوڑا جائے۔ اللہ کرے حالات پرامن رہیں۔ گورنر راج کا فوکس کسی جماعت کی مفاداتی سیاست نہیں خیبر پختونخوا کے عوام ہونے چاہئیں۔ لوگوں کو اعتماد میں لیا جائے، انہیں بتایا جائے کہ ان کے بنیادی حقوق معطل نہیں ہوئے۔

SHEHAR NAMA شہرنامہ

فن و ثقافت

کینسر کو شکست دینے کے بجائے اپنے جسم کو سمجھنے اور تجربے سے سیکھنے پر توجہ دی، سونالی باندرے

ممبئی (پی این پی) بالی ووڈ کی معروف اداکارہ سونالی باندرے نے کینسر کے خلاف اپنی جدوجہد کے تقریباً ایک دہائی بعد بیماری کے دوران پیش آنے والے تلخ تجربات پر گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ میں نے کینسر کو شکست دینے کے بجائے اپنے جسم کو سمجھنے اور اس تجربے سے سیکھنے پر توجہ دی۔ 51 سالہ اداکارہ نے مادھوری ڈکشٹ کے نئے پروگرام کی پہلی قسط میں شرکت کی، جہاں انہوں نے اپنے کینسر میں مبتلا ہونے اور اس دوران پیش آنے والی مشکلات کے بارے میں بتایا۔ پروگرام کے دوران مادھوری ڈکشٹ نے سونالی باندرے کی ہمت کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ کینسر پر قابو پانے کے بعد ان کی شخصیت کا ایک مضبوط پہلو سامنے آیا ہے۔ اس پر سونالی باندرے نے کہا کہ عام طور پر کینسر سے صحت یاب ہونے کو بیماری کے خلاف جنگ جیتنے سے تعبیر کیا جاتا ہے، لیکن میرا مقصد یہ سمجھنا تھا کہ میرے ساتھ ایسا کیوں ہو رہا ہے اور میں اس تجربے سے کیا سیکھ سکتی ہوں؟ اداکارہ کے مطابق جب ہم کسی چیز پر قابو پانے کی بات کرتے ہیں تو اس میں لڑائی اور منفی سوچ کا تصور شامل ہو جاتا ہے، حالانکہ جسم ہمارا اپنا ہے اور کینسر کے خلیے بھی ہمارے ہی جسم کے خلیے ہوتے ہیں، ایسے میں ہم خود اپنے آپ سے کیسے لڑ سکتے ہیں؟ سونالی باندرے نے کہا ہے کہ میں نے اپنے جسم کو محبت اور شفقت سے قبول کرنے کی کوشش کی، اگرچہ اس جسم سے محبت کرنا آسان نہیں تھا جو مجھے شدید تکلیف دے رہا تھا، یہی سوچ میرے لیے مددگار ثابت ہوئی۔ واضح رہے کہ سونالی باندرے کو جولائی 2018ء میں اسٹیج فور میٹاسٹیٹک کینسر کی تشخیص ہوئی تھی۔ میٹاسٹیٹک کینسر ایسی کیفیت ہے جس میں کینسر کے خلیے جسم کے اس حصے سے جہاں بیماری شروع ہوئی ہو، نکل کر جسم کے دوسرے حصوں تک پھیل جاتے ہیں۔ طبی ادارے کلیولینڈ کلینک کے مطابق اس کی ممکنہ علامات میں شدید تھکاوٹ، رات کے وقت پسینہ آنا اور بغیر کسی واضح وجہ کے وزن میں کمی شامل ہیں

کہا گیا بہت موٹی ہوں، ہیروئن کیسے بنوں گی؟ رادھیکا مدن

ممبئی (پی این پی) بالی ووڈ اداکارہ کترینہ کیف پر بچے کی پیدائش کے بعد وزن بڑھنے پر تنقید کے بعد ساتھی اداکاروں کی جانب سے ان کے دفاع کا سلسلہ جاری ہے، ہندی فلموں اور ٹیلی ویژن کی اداکارہ رادھیکا مدن نے کترینہ سے اظہار یکجہتی کیا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ عورت ہونے کی وجہ سے ہی ظاہری شکل و صورت کے حوالے سے مسلسل فیصلوں اور تنقید کا سامنا کرنا پڑتا ہے اور وہ خود بھی جسمانی ساخت پر تنقید کا نشانہ بن چکی ہیں۔ دلی سے تعلق رکھنے والی 31 سالہ رادھیکا نے بتایا کہ فلم پٹاخہ (2018) کے لیے میرا وزن 15 کلوگرام بڑھ گیا تھا، جسے میں بعد میں آنے والی فلموں شدت اور انگریزی میڈیم کے دوران کم کر رہی تھی۔ مجھے کہا گیا کہ میں بہت موٹی ہوں، یہ ہیروئن کیسے بنے گی؟ میں مسلسل وزن کم کرتی رہی اور لگاتار فلموں کی شوٹنگ میں مصروف رہی

امیتابھ کو پہلی بار دیکھا تو خطرہ محسوس کیا تھا: جیا بچن

ممبئی (پی این پی) بالی ووڈ کی معروف اداکارہ جیا بچن نے امیتابھ بچن کے ساتھ اپنے تعلقات کے ابتدائی دنوں کے حوالے سے انکشاف کیا ہے کہ جب میں نے پہلی مرتبہ امیتابھ بچن کو دیکھا تو مجھے خطرہ محسوس ہوا تھا۔ جیا بچن اور امیتابھ بچن کی شادی 1973ء میں ہوئی تھی اور دونوں کو ازدواجی زندگی گزارتے 5 دہائیوں سے زائد عرصہ ہو چکا ہے۔ جیا بچن کے مطابق امیتابھ ابتدائی دنوں میں کم گو اور حد سے زیادہ حساس طبیعت کے مالک تھے، جس کے باعث انہیں سمجھنا آسان نہیں تھا۔ جیا بچن نے ایک انٹرویو میں بتایا ہے کہ میں نے امیتابھ کو پہلی مرتبہ پونا کے فلم اینڈ ٹیلی ویژن انسٹی ٹیوٹ آف انڈیا میں تعلیم کے دوران دیکھا تھا۔ انہوں نے کہا ہے کہ بعد ازاں ہم دونوں کی ملاقات فلم ساز ہری کیش مکھرجی کی فلم 'گڈی' کے سلسلے میں ہوئی

صنم سعید فنڈ ریزنگ تقریب میں والدہ کو یاد کر کے رو پڑیں

کراچی (پی این پی) پاکستانی اداکارہ صنم سعید کینسر اسپتال کے لیے منعقدہ فنڈ ریزنگ تقریب میں اپنی والدہ کو یاد کرتے ہوئے آبدیدہ ہو گئیں۔ صنم سعید کا شمار پاکستان کی معروف اداکاراؤں میں ہوتا ہے، وہ اپنی اداکاری، پُروقار شخصیت اور بے باک خیالات کے باعث مداحوں میں مقبول ہیں، اداکارہ کی والدہ چند سال قبل چھاتی کے سرطان کے باعث انتقال کر گئی تھیں، جس کا دکھ آج بھی ان کے لیے تکلیف دہ ہے۔ اداکارہ نے اپنی والدہ کی بیماری کے دوران ان کی دیکھ بھال کی اور زندگی کے آخری ایام میں ان کے ساتھ رہیں۔ حال ہی میں اسپتال کے لیے دبئی میں منعقدہ فنڈ ریزنگ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے اداکارہ نے اپنی والدہ کی بیماری اور ان سے جڑی یادوں کا ذکر کیا تو وہ اپنے جذبات پر قابو نہ رکھ سکیں اور رو پڑیں۔ صنم سعید نے کہا ہے کہ ان یادوں کو دوبارہ بیان کرنا میرے لیے آسان نہیں، تاہم انہوں نے لوگوں پر زور دیا کہ کینسر کے مریضوں کے علاج اور اس مقصد کے لیے عطیات دینے میں اپنا کردار ادا کریں۔

خواتین زندگی مثالی شریکِ حیات کے انتظار میں نہ گزاریں: درفشاں سلیم

لاہور (پی این پی) پاکستانی اداکارہ درفشاں سلیم نے خواتین کو مالی خودمختاری اور خود انحصاری کی اہمیت پر زور دیا ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ خواتین کو اپنی زندگی کسی مثالی شریک حیات کے انتظار میں نہیں گزارنی چاہیے۔ درفشاں سلیم نے انسٹاگرام پر ایک ویڈیو شیئر کرتے ہوئے خواتین کے نام پیغام میں کہا ہے کہ وہ اپنی طاقت خود بنیں اور محبت کے لیے دل کے دروازے بھی کھلے رکھیں۔ اداکارہ نے لکھا ہے کہ خواتین خود اپنی روشنی بنیں، صحیح شخص خود آپ تک پہنچ جائے گا۔ ان کا کہنا ہے کہ خواتین مالی طور پر خود مختار بنیں اور اپنی زندگی اس اُمید پر نہ گزاریں کہ ایک دن آپ کو مثالی شریکِ حیات مل جائے گا، محبت خوبصورت ہے، لیکن اپنے پیروں پر خود کھڑے ہونے کا تحفظ بھی اتنا ہی اہم ہے۔ درفشاں سلیم نے اپنے پیغام میں واضح کیا ہے کہ محبت بھرا رشتہ زندگی کو خوبصورت بنا سکتا ہے، تاہم خواتین کا مستقبل اور تحفظ مکمل طور پر کسی دوسرے شخص پر منحصر نہیں ہونا چاہیے، انہیں اپنی صلاحیتوں کو نکھارنے، اپنے مقاصد حاصل کرنے اور ایک محفوظ و خود مختار مستقبل کی تعمیر پر توجہ دینی چاہیے۔

بقیہ نمبر 1

ہم انقلابی اقدامات کر رہے ہیں اور ای کامرس کے ذریعے روزگار کے مواقع بھی مہیا کر رہے ہیں ۔انہوں نے یہ بات پیرا میڈیکل سٹاف کے ایک نمائندہ وفد اور سیاسی وسماجی رہنماؤں کے وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔اس موقع پر خاقان وحید خواجہ نے کہا کہ صحت کا شعبہ ایک ایسا شعبہ ہے جس کے بغیر صحت مند معاشرہ تشکیل نہیں پا سکتا۔ہم اقتدار میں نہ ہوتے ہوئے بھی صحت کارڈ مہیا کر رہے ہیں۔اور اسی طرح نوجوانوں کو روزگار دینے کے لیے ای کامرس مائیکرو فنانس کو بھی ترویج دے رہے ہیں۔جس سے بے روزگار نوجوان ای کامرس کی تین ماہ کی تعلیم حاصل کر کے اچھا روزگار کمانے میں مصروف ہیں ۔انہوں نے کہا کہ عوامی فلاحی منصوبوں پر اسی رفتار سے کام جاری رہے گا۔

بقیہ نمبر 2

وزرا اور مشیر پہلے اپنے گریبان میں جھانکیں،شہر کے ماحول کو تباہ کرنے والے عناصر کے خلاف کارروائی کرنے کے بجائے تاجروں کو مختلف حیلے بہانوں سے نشانہ بنایا جارہا ہے۔ایف بی آر، ایکسائز اور دیگر محکموں سمیت مختلف ادارے تاجروں کو ہراساں کرنے، دکانیں سیل کرنے، گرفتاریاں کرنے اور مقدمات درج کرنے میں مصروف ہیں۔حکمران ،وزیر،مشیر اور ادارے اسلام آباد کو مسلسل تجربہ گاہ بنا رہے ہیں۔یہ اقدامات ناقابل برداشت ہیں، حکومت نے ہوش کے ناخن نہ لیے تو ملک گیر شٹر ڈاؤن ہڑتال اور وزیر اعظم ہاؤس کے گھیراؤ سے بھی گریز نہیں کریں گے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے اسلام آباد چیمبر آف کامرس کے زیر اہتمام منعقدہ ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ کاشف چوہدری نے کہا کہ اسلام آباد کے قدرتی حسن اور ماحول کو پہنچنے والے نقصان کی ذمہ داری ان اداروں پر بھی عائد ہوتی ہے جو سیوریج کے نظام کو بہتر بنانے، قدرتی نالوں کو آلودگی سے محفوظ رکھنے، درختوں کی کٹائی روکنے اور شہر سے کچرا اٹھانے کے لیے مؤثر اقدامات کرنے میں ناکام رہے ہیں۔مختلف نالوں کے اطراف آبادیاں قائم ہو رہی ہیں، سیوریج کا پانی قدرتی آبی گزرگاہوں اور پینے کے پانی کے نظام کو متاثر کر رہا ہے،جبکہ شہر بھر کا کچرا آئی الیون میں کھلے آسمان تلے پھینکا جا رہا ہے۔اس کے باوجود جدید سالڈ ویسٹ مینجمنٹ نظام اور ویسٹ ٹریٹمنٹ پلانٹ کے قیام جیسے بنیادی مسائل حل نہیں کیے جا رہے۔انہوں نے مطالبہ کیا کہ ماحولیاتی آلودگی کے حقیقی اسباب کا تدارک کیا جائے اور ذمہ دار اداروں سے جواب طلب کیا جا

بقیہ نمبر 3

خلاف کھلی جارحیت قرار دیا ہے۔یہاں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے پاکستان علماء کونسل کے چیئرمین اور انٹرنیشنل تنظیم حرمین شریفین کونسل کے سیکرٹری جنرل حافظ محمد طاہر محمود اشرفی نے مختلف مکاتب فکر کے علماء، مذہبی رہنماؤں، جید مفتیانِ کرام نے کہا کہ مکۃ المکرمہ اور مدینۃ المنورہ دنیا بھر کے مسلمانوں کے مقدس ترین مراکز ہیں۔حرمین شریفین، اللہ کے مہمانوں، عمرہ زائرین، بے گناہ شہریوں، ہوائی اڈوں، رہائشی عمارتوں، ہسپتالوں اور دیگر شہری تنصیبات کو نشانہ بنانا سنگین دہشت گردی اور ناقابل معافی جرم ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایسے حملوں کا کوئی مذہبی، سیاسی یا اخلاقی جواز پیش نہیں کیا جاسکتا۔انہوں نے واضح کیا کہ یہ صورتحال نہ تو دو ممالک کے درمیان تنازعہ ہے اور نہ ہی اسے شیعہ سنی یا فرقہ وارانہ مسئلہ قرار دیا جاسکتا ہے۔اس کے برعکس، ایک مسلح دہشت گرد گروہ یمن کے بے گناہ عوام اور مملکت سعودی عرب پر حملہ آور ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ اس گروہ نے یمن میں بے گناہ انسانوں کو قتل کیا، مساجد اور شہری تنصیبات کو تباہ کیا اور اب حرمین شریفین، اللہ کے مہمانوں، عمرہ زائرین اور سعودی عرب کی شہری آبادی کو نشانہ بنا رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ دہشت گردی میں ملوث ہونے، بے گناہ انسانوں کو قتل کرنے اور مقدس مقامات پر حملے کرنے والوں کا کسی مذہب، مکتبِ فکر یا فرقے سے کوئی تعلق نہیں ہوتا۔خواہ ان کا تعلق فتنہ خوارج، ہندوتوا انتہا پسندی، حوثی دہشت گرد گروہوں، داعش، القاعدہ، تحریک طالبان پاکستان، جنداللہ، لشکر جھنگوی یا کسی دوسری بین الاقوامی دہشت گرد تنظیم سے ہو، ان کے جرائم کے لئے یکساں معیار ہونا چاہیے۔

بقیہ نمبر 4

بند رہیں گے جبکہ شیشہ کیفیز کو پہلے سے دیے گئے این او سی واپس لینے کا حکم بھی دے دیا گیا۔ چیف جسٹس سرفراز ڈوگر نے احکامات جاری کر دیے، کیس کا تحریری فیصلہ عدالت بعد میں جاری کرے گی

بقیہ نمبر 5

میں ایک تعزیتی ریفرنس کا انعقاد کیا۔زرعی تحقیق اور قومی ترقی کے لیے ان کی شاندار خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے، این اے آر سی کے کراپ سائنسز انسٹی ٹیوٹ کا نام تبدیل کر کے ڈاکٹر امیر محمد انسٹی ٹیوٹ آف کراپ سائنسز کر دیا گیا ہے۔چیئرمین پی اے آر سی ڈاکٹر سید مرتضیٰ حسن اندرابی نے ڈاکٹر امیر محمد کی دور اندیش قیادت اور پاکستان کے زرعی تحقیقی نظام کو مضبوط بنانے میں نمایاں کردار کو خراج تحسین پیش کیا۔تقریب سے خطاب کرت ہوئے چیئرمین پی اے آرسی کا کہنا تھا کہ ڈاکٹر امیر محمد کے وژن اور قیادت نے ملک کی اعلیٰ زرعی تحقیقی تنظیم کے طور پر پی اے آر سی کی بنیاد رکھی اور ایسے ادارے بنانے میں مدد کی جو سائنسی اور قومی ترقی میں اپنا کردار ادا کر رہے ہیں۔انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ ان کے اعزاز میں کراپ سائنسز انسٹی ٹیوٹ کا نام تبدیل کرنا ان کی اس لازوال میراث کا اعتراف ہے، جو سائنسدانوں اور محققین کی آنے والی نسلوں کی رہنمائی کرتا رہے گا۔ ڈاکٹر امیر محمد نے نیوکلیئر انسٹی ٹیوٹ فار ایگریکلچر اینڈ بائیولوجی (NIAB) فیصل آباد کے بانی ڈائریکٹر، یونیورسٹی آف ایگریکلچر، فیصل آباد کے وائس چانسلر، اور نیشنل یونیورسٹی آف کمپیوٹر اینڈ ایمرجنگ سائنسز (FAST) کے بانی ریکٹر کے طور پر بھی خدمات انجام دیں۔1978 سے 1990 تک چیئرمین پی اے آر سی کی حیثیت سے انہوں نے ایک مربوط قومی زرعی تحقیقی نظام کی بنیاد رکھی۔تعزیتی ریفرنس میں ڈاکٹر امیر محمد کی بیٹیوں اور اہل خانہ، پی اے آر سی کے حاضر سروس و ریٹائرڈ ملازمین اور دیگر تحقیقی اداروں کے نمائندوں نے شرکت کی۔ مقررین نے ان کی نمایاں سائنسی کامیابیوں، دور اندیش قیادت اور پاکستان کے تحقیقی اور اعلیٰ تعلیم کے شعبوں میں دیرپا تعاون پر روشنی ڈالی۔

بقیہ نمبر 6

نقصان پہنچنے اور ہزاروں افراد کے روزگار پر منفی اثرات مرتب ہونے کا خدشہ ہے۔تاجروں نے کہا کہ پلاسٹک کے تھیلوں پر پابندی کے بعد اب سنگل یوز پلاسٹک کے خلاف مہم کا دائرہ کار بڑھاتے ہوئے پولی ایتھلین ٹیرفتھالیٹ (پی ای ٹی) بوتلوں میں پیک مصنوعات کو بھی شامل کرلیا گیا ہے جبکہ پابندی پر عملدرآمد کے لئے دکانیں سیل کرنے سمیت کارروائیاں بھی شروع ہوچکی ہیں۔

انہوں نے کہا کہ پی ای ٹی بوتلوں پر مکمل پابندی سے کاروباری اخراجات میں اضافہ اور بوتلوں کو جمع کرنے، چھانٹنے اور ری سائیکل کرنے کا موجودہ نظام متاثر ہوسکتا ہے۔انہوں نے کہا کہ قابل ری سائیکل پیکنگ پر پابندی عائد کرنے کے بجائے پلاسٹک کے کچرے کو مؤثر انداز میں جمع کرنے اور ٹھکانے لگانے کے نظام کو بہتر بنانے پر توجہ دی جانی چاہئے۔تاجروں کا کہنا ہے کہ پی ای ٹی بوتلیں مشروبات اور دیگر مصنوعات کی پیکنگ کے لئے بڑے پیمانے پر استعمال ہوتی ہیں جبکہ ان کی ری سائیکلنگ سے وابستہ کاروبار اور کارکنوں کا روزگار بھی اسی نظام سے منسلک ہے۔انہوں نے کہا کہ پلاسٹک کی جگہ شیشے یا ایلومینیم کی پیکنگ متعارف کرانے سے لازماً ماحولیاتی فوائد حاصل نہیں ہوں گے کیونکہ اس کے اثرات کا انحصار تیاری، نقل و حمل، کچرا جمع کرنے اور ری سائیکلنگ کے طریقوں پر بھی ہوتا ہے۔کاروباری حلقوں نے تجویز دی کہ پلاسٹک کی آلودگی کم کرنے کے لئے کچرے کو علیحدہ جمع کرنے، اسے اٹھانے کے نظام کو بہتر بنانے،ری سائیکلنگ کی سہولتوں میں سرمایہ کاری اور مصنوعات تیار کرنے والی کمپنیوں کے تعاون سے استعمال شدہ پیکنگ واپس جمع کرنے کے پروگرام شروع کئے جائیں۔انہوں نے مؤقف اختیار کیا کہ مجوزہ پابندیاں اسلام آباد کیپیٹل ٹیریٹری سنگل یوز پلاسٹکس (ممانعت) ریگولیشنز 2023 کے مقاصد سے مطابقت نہیں رکھتیں۔ انہوں نے کہا کہ عالمی سطح پر بھی پیکنگ کے دوبارہ استعمال، کچرا جمع کرنے کے نظام میں بہتری اور مصنوعات تیار کرنے والی کمپنیوں کی جانب سے استعمال شدہ پیکنگ کی واپسی اور تلفی کی ذمہ داری پر زور دیا جاتا ہے۔تاجروں نے اسلام آباد انتظامیہ سے مطالبہ کیا کہ کاروباری برادری اور دیگر متعلقہ فریقوں سے مشاورت کے بعد فیصلے پر نظر ثانی کی جائے اور پی ای ٹی بوتلوں پر پابندی واپس لی جائے۔ان کا کہنا تھا کہ متوازن پالیسی کے ذریعے ماحولیاتی تحفظ کو یقینی بنانے کے ساتھ کاروباری سرگرمیوں اور ری سائیکلنگ کے شعبے کو بھی برقرار رکھا جاسکتا ہے۔

بقیہ نمبر 7

چوری کی اطلاعات نے شہریوں میں تشویش پیدا کر دی ہے۔راجہ قاسم علی صغیر بھٹی نے کہا کہ شہریوں کو تحفظ فراہم کرنا پولیس کی بنیادی ذمہ داری ہے،اس لیے جرائم کی روک تھام کے لیے گشت کا نظام مزید مؤثر بنایا جائے اور متعلقہ واقعات کی شفاف تحقیقات کر کے ذمہ دار عناصر کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ شہر اور گردونواح میں سکیورٹی انتظامات بہتر بنائے جائیں تاکہ شہری بلاخوف و خطر اپنے روزمرہ امور انجام دے سکیں۔

بقیہ نمبر 8

باڑہ بازار کے داخلی و خارجی راستے سیل کر کے کنٹرول پولیس نے سنبھال لیا۔ علاقہ میں پشاور پولیس کے تازہ دم دستے پہنچ گئے، پولیس کے مطابق کسی کو قانون ہاتھ میں لینے کی اجازت نہیں دیں گے

بقیہ نمبر 9

و دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے حکام نے ڈپٹی کمشنر کو کمپنی کے دائرہ کار، صفائی کے نظام، مشینری، افرادی قوت، ڈیجیٹل مانیٹرنگ اور شہری آگاہی مہمات کے حوالے سے بریفنگ دی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ ضلع راولپنڈی کی 164 یونین کونسلز میں صفائی کی خدمات فراہم کی جا رہی ہیں، جبکہ صفائی کے آپریشنز کے لیے مجموعی طور پر 6 ہزار 55 افراد پر مشتمل افرادی قوت تعینات ہے۔ گاڑیوں کی جی پی ایس ٹریکنگ، بائیومیٹرک حاضری اور ڈیجیٹل ڈیش بورڈ کے ذریعے صفائی کے عمل کی نگرانی بھی کی جا رہی ہے۔ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ندیم ناصر نے ہدایت کی کہ ضلع بھر میں صفائی کے انتظامات کو مزید مؤثر بنایا جائے اور شہریوں کو صاف ستھرا ماحول فراہم کرنے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ شہر کی مرکزی شاہراہوں، گلیوں، بازاروں، رہائشی علاقوں اور عوامی مقامات پر صفائی کو یقینی بنایا جائے اور کوڑا کرکٹ جمع ہونے کی شکایات پر فوری کارروائی کی جائے۔ڈپٹی کمشنر نے ہدایت کی کہ کوڑا کرکٹ کو مقررہ مقامات تک منتقل کرنے اور مناسب طریقے سے ٹھکانے لگانے کے عمل کی مؤثر نگرانی کی جائے۔ صفائی کی گاڑیوں اور عملے کی حاضری، مقررہ روٹس پر عمل درآمد اور روزانہ کی کارکردگی کی باقاعدگی سے جانچ کی جائے، جبکہ غفلت یا ناقص کارکردگی کے ذمہ داروں کے خلاف قواعد کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے۔انہوں نے مزید ہدایت کی کہ غیر قانونی ڈمپنگ کی روک تھام کے لیے متعلقہ اداروں کے ساتھ رابطہ کاری بہتر بنائی جائے، خالی پلاٹوں اور کھلے مقامات کی صفائی پر خصوصی توجہ دی جائے اور شہریوں کو صفائی برقرار رکھنے کے لیے آگاہی مہم میں شامل کیا جائے۔ڈپٹی کمشنر نے واضح کیا کہ ستھرا پنجاب پروگرام کے مؤثر نفاذ کے لیے تمام متعلقہ ادارے اپنی ذمہ داریاں پوری کریں اور صفائی کے معیار میں بہتری کے لیے مربوط اقدامات یقینی بنائیں۔ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ صفائی کے انتظامات کی مسلسل نگرانی کی جائے اور کارکردگی سے متعلق رپورٹ باقاعدگی سے پیش کی جائے تاکہ شہریوں کو بہتر بلدیاتی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جاسکے۔

بقیہ نمبر 10

افسران کو موقع پر ہی ضروری احکامات جاری کیے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ شہریوں کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں اور انہیں بروقت انصاف کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔دوسری جانب ایس پی سٹی زون محمد خرم کی زیر صدارت کرائم میٹنگ منعقد ہوئی، جس میں سٹی زون کے تفتیشی افسران نے شرکت کی۔ میٹنگ کے دوران زیر تفتیش مقدمات، جرائم کی روک تھام اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیوں کا جائزہ لیا گیا۔ ایس پی سٹی زون نے افسران کو ہدایت کی کہ زیر تفتیش مقدمات کو جلد از جلد یکسو کیا جائے، تفتیش میرٹ پر مکمل کی جائے اور جرائم کی مؤثر روک تھام کے لیے تمام ضروری اقدامات کیے جائیں۔علاوہ ازیں، ایس پی انڈسٹریل ایریا ڈاکٹر ایاز حسین نے مختلف ڈیوٹی پوائنٹس کا دورہ کر کے سیکیورٹی انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ انہوں نے ڈیوٹی پر مامور افسران و اہلکاروں کو الرٹ رہنے، مشکوک افراد اور گاڑیوں کی مؤثر چیکنگ یقینی بنانے اور شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لانے کی ہدایت کی۔اسی طرح ایس پی سی ٹی ڈی خالد محمود اعوان نے بھی مختلف ڈیوٹی پوائنٹس کا دورہ کیا اور سیکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے ڈیوٹی پر مامور افسران و اہلکاروں کو ہمہ وقت الرٹ رہنے، سیکیورٹی امور میں کسی قسم کی غفلت سے گریز کرنے اور شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کے لیے مؤثر اقدامات یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ اسلام آباد پولیس شہریوں کو ریلیف فراہم کرنے، جرائم کی روک تھام اور دارالحکومت میں امن و امان برقرار رکھنے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے

بقیہ نمبر 11

متعلق مزید تفصیلات تاحال سامنے نہیں آسکیں، مقابلے کے حالات اور دیگر قانونی و تفتیشی پہلوؤں سے متعلق باضابطہ پولیس موقف سامنے آنے پر مزید معلومات فراہم کی جاسکیں گی

بقیہ نمبر 12

حمایت، سیاسی ساکھ، سماجی خدمات اور مقامی مسائل سے آگاہی رکھنے والے متحرک امیدواروں کا انتخاب کیا جائے گا۔ انہوں نے میڈیا نمائندگان سے گفتگو میں کہا کہ استحکام پاکستان پارٹی بلدیاتی انتخابات کو محض انتخابی سرگرمی نہیں بلکہ اقتدار اور اختیار کو حقیقی معنوں میں عوام کی دہلیز تک منتقل کرنے، مقامی مسائل کے حل، عوامی نمائندگی کو مؤثر بنانے اور جمہوری اداروں کو مضبوط کرنے کا اہم ذریعہ سمجھتی ہے۔ استحکام پاکستان پارٹی آزاد کشمیر اس عزم کے ساتھ انتخابی میدان میں اترے گی کہ عوام کے اعتماد پر پورا اترنے والے ایسے نمائندے سامنے لائے جائیں جو اپنے علاقوں میں عوام کی آواز بنیں اور ترقیاتی عمل میں فعال کردار ادا کر سکیں۔علی شان سونی نے کہا کہ آزاد کشمیر میں تقریباً 32 سال بعد بلدیاتی انتخابات کا انعقاد ایک اہم جمہوری پیش رفت تھی، جس کا سہرا پارٹی صدر سردار تنویر الیاس خان کو جاتا ہے، جنہوں نے اپنے دورِ حکومت میں مختلف دباؤ اور مشکلات کے باوجود اختیارات کی نچلی سطح پر منتقلی کے لیے بلدیاتی انتخابات کے انعقاد کو یقینی بنایا

بقیہ نمبر 13

اور کم عمر بچوں کی جانب سے مین شاہراہوں پر سکوٹیاں چلانے کے معاملے پر معروف قانون دان خواجہ محمد آفاق ایڈووکیٹ ہائی کورٹ نے ڈپٹی کمشنر وڈسٹرکٹ مجسٹریٹ میرپور کو تحریری درخواست پیش کر دی۔ درخواست کا بنیادی مقصد عوامی آگاہی، شہریوں کے تحفظ اور ممکنہ حادثات کی روک تھام کے لیے مؤثر اقدامات اور واضح ضابطہ کار (SOPs) مرتب کروانا ہے۔درخواست میں توجہ دلائی گئی ہے کہ میرپور شہر میں الیکٹرک سکوٹیوں کے باعث حادثات کے واقعات تشویش کا باعث بن رہے ہیں۔خواجہ محمد آفاق ایڈووکیٹ کے مطابق گزشتہ شب بھی ایک لڑکی کی جان ضائع ہونے کا افسوسناک واقعہ پیش آیا،جس کے بعد اس معاملے پر فوری توجہ دینا ناگزیر ہو گیا ہے۔انہوں نے موقف اختیار کیا کہ شہر کی مرکزی شاہراہوں پر 10 سے 12 سال تک کی عمر کے بچے الیکٹرک سکوٹیاں چلاتے دکھائی دیتے ہیں، جنہیں عموماً ٹریفک قوانین اور حفاظتی اصولوں سے مکمل آگاہی حاصل نہیں ہوتی۔اس صورت حال میں نہ صرف خود بچوں بلکہ دیگر شہریوں کی زندگیوں کو بھی خطرات لاحق ہو سکتے ہیں۔بعد ازاں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے خواجہ محمد آفاق ایڈووکیٹ نے کہا کہ درخواست کا مقصد کسی کی مخالفت نہیں بلکہ شہریوں کی جان و مال کا تحفظ یقینی بنانا ہے۔انہوں نے مطالبہ کیا کہ الیکٹرک سکوٹیوں کے استعمال کے لیے واضح ایس او پیز مرتب کیے جائیں، حفاظتی تدابیر پر عمل درآمد یقینی بنایا جائے اور کم عمر بچوں کی جانب سے غیر محتاط ڈرائیونگ کی روک تھام کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں۔اس موقع پر ڈپٹی کمشنر میرپور نے معاملے کا فوری نوٹس لیتے ہوئے یقین دہانی کرائی کہ اس سلسلے میں سخت اقدامات کیے جائیں گے۔ انہوں نے اسسٹنٹ کمشنر کو ہدایت کی کہ اسی روز شام کو ایک خصوصی اجلاس منعقد کیا جائے، جس میں معاملے کے قانونی پہلوؤں اور دیگر متعلقہ امور کا جائزہ لیا جائے۔ درخواست گزار خواجہ محمد آفاق ایڈووکیٹ کو بھی مشاورتی عمل میں شرکت کے لیے اجلاس میں مدعو کرنے کی یقین دہانی کرائی گئی۔اس موقع پر خواجہ محمد آفاق ایڈووکیٹ کے ہمراہ راجہ دانیال اشفاق ایڈووکیٹ، آصف نسیم اور ابوبکر قریشی بھی موجود تھے۔خواجہ محمد آفاق ایڈووکیٹ نے تمام والدین سے پرزور اپیل کی کہ وہ اپنے کم عمر بچوں کو الیکٹرک سکوٹیاں چلانے کے لیے ہرگز نہ دیں اور ان کی حفاظت کو اولین ترجیح بنائیں۔ انہوں نے شہریوں سے بھی اپیل کی کہ اس اہم عوامی پیغام کو زیادہ سے زیادہ پھیلائیں تاکہ بروقت احتیاطی اقدامات کے ذریعے قیمتی انسانی جانوں کو محفوظ بنایا جاسکے

بقیہ نمبر 14

کی ترقی، سلامتی خوشحالی، استحکام، کے لئے ہمارا خیر خواہ ہے اور دونوں ملکوں کے عوام بھی ایک مضبوط رشتے ہیں بندھے ہوئے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے چائنہ کے تجارتی وفد کے ہمراہ راولپنڈی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے دورہ کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا ہے چائینہ وفد کی قیادت مسٹر وائی لینزو، اور مسٹر یوآن کر رہے تھے شیخ اعجاز نے کہا ہے کہ چینی کمپنیاں پاکستان میں بحرے پیا نے پر سرمایہ کاری کر کے پاکستان کی ترقی، اور روزگا رکی فراہمی کی رفتار کو مزید تیز کرنا چاہتے ہیں جس کے لئے ان کو جوابی طور پر سرمایہ نہیں چاہیے بلکہ وہ ہم سے زرعی اجناس، معدنیات، اور مقامی طور پر تیار مشینری اور دیگر چیزیں لیں گے جس سے پاکستان کی لوگوں کو ایک بڑی مارکیٹ میسر آئے گی اور بین الاقوامی طور پر زرمبادلہ کمانے میں آسانی ہو گی انہوں نے بتایا ہے کہ اس سے قبل چائنہ کی تجارتی کمپنیوں کی طرف سے فیصل آباد اور لاہور میں جدید بسوں، کاروں اور دیگر سواریوں کی مقامی سطح پر تیاری کے لئے انڈسٹری لگانے کے کاموں کا آغاز ہو چکا ہے جبکہ پاکستان کی پہلی جینو میکس لیبارٹری کا بھی آغاز ہو گیا ہے جس کی تحقیق کے بعد ملک میں طب، زراعت، انسانی صحت، علاج معالجے ،حیوانات، نباتات مشینری اور دیگر سیکٹرز میں بھی ا نقلاب آئے گا اس موقع پر ڈپٹی سیکرٹری وزارت صنعت و پیداوار مسٹر سلمان، نامور تاجر رہنما سی، ای، او، بلازونا ڈائیگ نا سنگ احمر زمان خان بھی موجود تھے، اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے چائنہ کے وفد کے سربراہ مسٹر وائی لینزو اور مسٹر یوآن نے کہا ہے کہ چائنہ کے تاجر اور صنعت کار پاک چائنہ رشتے کو مزید مضبوط کرنا چاہتے ہیں اس لیے ہم یہاں پر صنعتی یونٹس لگا رہے ہیں تا کی مقامی طور پر روزگار کے مواقع بڑھیں انہوں نے کہا ہے کہ ہم یہاں پر کاروبار بغیر کسی سود یا منافع کے کر رہے ہیں اور بدلے میں ہم کرنسی کی بجائے زرعی اجناس، اور دیگر چیزیں خرید کر لے جائیں گے تا کہ زرمبادلہ ملک ہی میں رہے اور معیشت کا والیم ترقی کرے انہوں نے مزید کہا ہے کہ ہم پاک چین دوستی کا مزید مستحکم کرنا چاہتے ہیں اس موقع پر نو منتخب صدر راولپنڈی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری نوشیروان خلیل، سینیئر نائب صدر وسیم اسلم، نائب صدر اکرام عباسی، نے بھی خطاب کیا، اس موقع پر چائنہ کے وفد نے نو منتخب صدر اور ان کی ٹیم کا مبارک باد پیش کی اور نیک تمناؤں کا اظہار کیا اس موقع پر دونوں جانب سے تحائف کا تبادلہ بھی کیا گیا۔

بقیہ نمبر 15

اور ان کی ٹیم سے میٹنگ کی۔ اس موقع پر آئی جی اسلام آباد نے نمایاں پیشہ ورانہ کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے افسران و جوانوں کو سنٹرل پولیس آفس مدعو کیا اور ان کی خدمات کے اعتراف میں تعریفی اسناد سے نوازا۔ آئی جی اسلام آباد نے افسران و جوانوں کی محنت، فرض شناسی اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے افسران و جوان اسلام آباد پولیس کا قیمتی اثاثہ ہیں۔ انہوں نے ہدایت کی کہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں مزید تیز کی جائیں، جرائم کی روک تھام کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں اور شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ افسران آئندہ بھی قانون کی عملداری، شہریوں کے تحفظ اور عوام کو بروقت ریلیف کی فراہمی کے لیے اسی پیشہ ورانہ جذبے، محنت اور لگن کے ساتھ اپنے فرائض انجام دیتے رہیں۔ دریں اثناء آئی جی اسلام آباد کیپٹن (ر) محمد سہیل چوہدری نے سنٹرل پولیس آفس میں اردلی روم کا انعقاد کیا، جہاں انہوں نے پولیس افسران و جوانوں کے محکمانہ اور ذاتی مسائل براہِ راست سنے۔ انہوں نے متعلقہ امور کا جائزہ لیتے ہوئے مسائل کے حل کے لیے موقع پر ہی احکامات جاری کیے اور متعلقہ افسران کو ضروری اقدامات یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ آئی جی اسلام آباد نے کہا کہ پولیس افسران و جوانوں کے جائز مسائل کا بروقت اور میرٹ پر حل، بہترین کارکردگی کی حوصلہ افزائی اور شہریوں کو مؤثر پولیس سروسز کی فراہمی اسلام آباد پولیس کی اہم ترجیحات ہیں۔ انہوں نے تمام افسران کو ہدایت کی کہ وہ احساسِ ذمہ داری، پیشہ ورانہ مہارت اور عوامی خدمت کے جذبے کے ساتھ فرائض انجام دیں تاکہ وفاقی دارالحکومت میں امن و امان کے قیام اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنایا جاسکے

بقیہ نمبر 16

لوگوں کے ایک بڑے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔مزید انہوں نے کہا کہ اس سلسلہ میں ہم نے جہاں دینی علوم کی ترویج و اشاعت اور نوجوانوں کی تعلیم و تربیت کے لیے بین الاقوامی ادارہ "جامعہ علوم اثریہ" قائم کر رکھا ہے، وہیں یہاں سے ہر سال سینکڑوں کی تعداد میں طلبا و طالبات دینی و دنیوی تعلیم اور جدید علوم سے بہرہ مند ہوتے ہیں، اس کے ساتھ ساتھ ہم نے عوام الناس کی فلاح و بہبود کے متعدد منصوبے شروع کر رکھے ہیں۔ ہر سال کی طرح "الابراہیم آئی ہسپتال ملیر کراچی" کے تعاون سے جامعہ علوم اثریہ میں سالانہ فری آئی کیمپ کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔ اس موقع پر مدیر الجامعہ حافظ احمد حقیق اور نائب مدیر الجامعہ و سیکرٹری جنرل اہل حدیث یوتھ فورس پاکستان حافظ عبدالغفور مدنی کے علاوہ مدیر امور داخلی مولانا سعد محمد مدنی، مدیر التعلیم مولانا عکاشہ مدنی، حافظ عمر عبدالحمید، صدر مرکزی انجمن تاجران ضلع جہلم حاجی ملک محمد اقبال ، نائب صدر انجمن اہلحدیث جہلم ارشد محمود زرگر، چیئرمین مرکزی انجمن تاجران جہلم میجر آصف چوہدری، شیخ محمد ارشد، چوہدری احتشام الحق نمبردار، مرزا زاہد افضل اور عامر سلیم علوی کے علاوہ دیگر معززین بھی موجود تھے۔ نگران کیمپ حافظ احمد حقیق اور حافظ عبدالغفور مدنی نے اپنے بیانات میں کیمپ کے بارے میں عوام الناس کو آگاہی دی۔ حافظ عبدالحمید عامر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہر سال بین الاقوامی ڈاکٹروں کی ٹیم یہاں ہزاروں مریضوں کا فری چیک اپ کرتے ہیں۔ مریضوں کو عینکیں اور دوائیں مفت فراہم کی جاتی ہیں اور آپریشن والے مریضوں کا مفت آپریشن کیا جاتا ہے۔ الحمدللہ آج تک کیے گئے تمام آپریشن کامیاب رہے۔ تمام مریضوں کی آنکھوں میں بذریعہ لیزر آئی او ایل لینز بھی فری ڈالے جاتے ہیں۔ مریضوں اور لواحقین کے لیے رہائش اور کھانے کا بھی فری انتظام کیا جاتا ہے۔ اس موقع پر حافظ عبدالحمید عامر نے مخیر حضرات کے عملی اور مالی تعاون کا شکریہ ادا کیا۔ کیمپ کی افتتاحی تقریب میں کیمپ مینیجر رضوان احمد بلوچ، ڈاکٹر ارشاد علی، ڈاکٹر اعجاز احمد میمن اور ڈاکٹر علی آفتاب موجود تھے۔

بقیہ نمبر 17

مسائل کا فوری اور میرٹ پر حل اسلام آباد پولیس کی اولین ترجیح ہے۔ شہری بلا کسی سفارش براہِ راست کھلی کچہری میں شرکت کر کے اپنے مسائل پیش کر سکتے ہیں۔ شہریوں کی سہولت اور شکایات کے بروقت ازالے کے لیے ڈی آئی جی آفس میں روزانہ کی بنیاد پر کھلی کچہری کا انعقاد کیا جا رہا ہے تاکہ شہریوں کو مؤثر ریلیف فراہم کیا جا سکے۔ علاوہ ازیں، ڈی آئی جی اسلام آباد علی وسیم نے بہترین پیشہ ورانہ کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر پی او برانچ کے انچارج اور ان کی ٹیم کو نقد انعامات اور تعریفی اسناد سے نوازا۔ انہوں نے ٹیم کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ محنت، فرض شناسی اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا اعتراف افسران و اہلکاروں کی حوصلہ افزائی اور کارکردگی میں مزید بہتری کے لیے اہم ہے۔ ڈی آئی جی اسلام آباد نے مزید کہا کہ نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے افسران و اہلکاروں کی حوصلہ افزائی اور میرٹ کی بنیاد پر ان کی خدمات کا اعتراف اسلام آباد پولیس کی ترجیحات میں شامل ہے۔ اس اقدام کا مقصد پولیس فورس میں پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو فروغ دینا، کارکردگی کو مزید بہتر بنانا اور شہریوں کو فراہم کی جانے والی پولیس سروسز کے معیار کو مؤثر بنانا ہے۔

بقیہ نمبر 18

اور اہل علاقہ گہرے رنج و غم میں مبتلا ہیں۔ جس گھر میں شادی کی تقریبات کے باعث خوشیوں کا سماں تھا، وہاں اب سوگ اور افسردگی کی فضا چھا گئی ہے۔

بقیہ نمبر 19

عہدیداران نے اپنے عہدوں کا حلف اٹھایا۔ اس موقع پر ایسوسی ایشن کے عہدیداران نے تنظیمی اتحاد، باہمی تعاون اور دودھ فروش برادری کے مسائل کے حل کے لیے مشترکہ کوششوں کی اہمیت پر زور دیا۔ تقریب کا مقصد نومنتخب عہدیداران کو ان کی ذمہ داریوں سے آگاہ کرنے کے ساتھ ساتھ ایسوسی ایشن کے تنظیمی ڈھانچے کو مزید مضبوط بنانا اور دودھ فروش برادری کے درمیان اتحاد و اتفاق کو فروغ دینا تھا۔ اس موقع پر اس امید کا اظہار کیا گیا کہ نومنتخب عہدیداران اپنی ذمہ داریاں خلوص، دیانت داری اور محنت کے ساتھ ادا کرتے ہوئے ایسوسی ایشن کی ترقی، تنظیمی استحکام اور دودھ فروش برادری کی فلاح و بہبود کے لیے مؤثر کردار ادا کریں گے۔ شرکاء نے اس عزم کا اظہار کیا کہ باہمی اتحاد، مشاورت اور مشترکہ جدوجہد کے ذریعے برادری کو درپیش مسائل کے حل کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں گے اور ایسوسی ایشن کو مزید فعال اور مضبوط بنایا جائے گا۔ تقریب کے اختتام پر نو منتخب عہدیداران کو مبارکباد پیش کی گئی اور اس عزم کا اعادہ کیا گیا کہ برادری کے اجتماعی مفادات کا تحفظ اور تنظیمی اتحاد برقرار رکھنا اولین ترجیح ہوگی۔

بقیہ نمبر 20

کے لیے نئے مواقع پیدا کرنے کے عزم کو مزید مضبوط بنانا ہے۔ اس شراکت داری کے تحت MMC خواتین کی دوڑ میں شرکت کی حوصلہ افزائی اور معاونت کے لیے 'شی رنز' (She Runs) کے نام سے کارپوریٹ سماجی ذمہ داری (CSR) پروگرام بھی متعارف کرائے گی۔ یہ اقدام 3 جنوری کو منعقد ہونے والی BYD کراچی میراتھن 2027 سے قبل شروع کیا جائے گا۔ BYD کراچی میراتھن پاکستان کی پہلی ورلڈ ایتھلیٹکس سے تصدیق شدہ میراتھن ہے، جو مقامی اور بین الاقوامی رنرز کو ایک پلیٹ فارم پر جمع کرنے کے ساتھ پاکستانی ایتھلیٹس کو عالمی معیار کے مطابق مقابلے کا موقع فراہم کرتی ہے۔ میراتھن کے وژن 2032 کے تحت پاکستانی رنرز کے لیے بڑے بین الاقوامی میراتھن مقابلوں اور بالآخر اولمپک گیمز تک رسائی کی راہ ہموار کرنے کا بھی ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ 'شی رنز' پروگرام کے تحت MMC کراچی کی 10 منتخب خواتین کے لیے 10 ہفتوں پر مشتمل ایک منظم میراتھن تربیتی پروگرام کی مالی معاونت کرے گی۔ شرکائ کو برداشت بڑھانے کی تربیت، غذائیت، فزیوتھراپی، تحفظ اور فلاح و بہبود کے حوالے سے معاونت فراہم کی جائے گی، تاکہ وہ میراتھن میں حصہ لینے کے لیے ضروری تیاری اور وسائل حاصل کر سکیں۔ شی رنز پروگرام کے حوالے سے میگا موٹر کمپنی کی سینئر جنرل منیجر، ایچ آر، ایڈمن اینڈ سی ایس آر، انعم عبداللہ نے کہا: "میگا موٹر کمپنی میں ہمارا یقین ہے کہ خواتین کو بااختیار بنانے کا آغاز ایسے مواقع فراہم کرنے سے ہوتا ہے جو انہیں اپنی صلاحیتوں کو پہچاننے اور اپنے عزائم کو پورا کرنے کے قابل بنائیں۔ شی رنز کے ذریعے ہمارا مقصد خواتین کے لیے میراتھن میں شرکت کو مزید قابل رسائی بنانا ہے۔ اس پروگرام کے تحت کراچی کی 10 خواہش مند رنرز کو منظم تربیت، رہنمائی اور معاونت فراہم کی جائے گی، تاکہ وہ مکمل میراتھن کی تیاری کر سکیں اور اسے کامیابی سے مکمل کریں

بقیہ نمبر 21

قرضوں کے انتظام کے طریقہ کار کو مضبوط بنانے، اصلاحات کے حوالے سے تجربات کے تبادلے اور ترقیاتی منصوبوں کے لیے سرمایہ حاصل کرنے کے نئے طریقے تلاش کرنے پر زور دیا

بقیہ نمبر 22

سمٹ میں شعبۂ طب سے وابستہ شخصیات، ماہرین صحت اور دیگر معزز مہمانوں نے شرکت کی۔ تقریب کے مہمانِ خصوصی ہیلتھ سروسز اکیڈمی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شہزاد علی خان تھے، جبکہ دیگر مہمانوں میں چیئرمین ایچ بی ایس راجہ ریاض شہباز جنجوعہ، ڈاکٹر حیدر ریاض جنجوعہ اور دیگر شخصیات شامل تھیں۔ تقریب کے دوران نوجوان ڈاکٹروں کی پیشہ ورانہ ترقی، قیادت کے مؤثر اصولوں اور صحت کے شعبے میں درپیش چیلنجز سے نمٹنے کے لیے نوجوان طبی ماہرین کے کردار کی اہمیت کو اجاگر کیا گیا۔ اس موقع پر مہمانِ خصوصی وائس چانسلر ہیلتھ سروسز اکیڈمی پروفیسر ڈاکٹر شہزاد علی خان نے اپنے خطاب میں نوجوان ڈاکٹروں کی تربیت، قیادت کی صلاحیتوں کے فروغ اور شعبۂ صحت میں ان کے مؤثر کردار کی اہمیت پر اظہارِ خیال کیا۔ انہوں نے نوجوان طبی ماہرین کی حوصلہ افزائی اور ان کی صلاحیتوں کو نکھارنے کے لیے تعلیمی اداروں اور متعلقہ تنظیموں کی کوششوں کو اہم قرار دیا۔ شرکاء نے اس امر پر زور دیا کہ جدید طبی تعلیم کے ساتھ ساتھ نوجوان ڈاکٹروں میں فیصلہ سازی، ٹیم ورک، ابلاغی مہارتوں، پیشہ ورانہ ذمہ داری اور مریضوں کی بہتر نگہداشت کے حوالے سے شعور پیدا کرنا بھی وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ینگ ڈاکٹرز لیڈرشپ سمٹ کے موقع پر نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے افراد میں ایوارڈز بھی تقسیم کیے گئے۔ اس اقدام کا مقصد ان کی خدمات اور صلاحیتوں کو سراہنے کے ساتھ ساتھ نوجوان طبی ماہرین کو مستقبل میں مزید محنت، لگن اور ذمہ داری کے ساتھ اپنے فرائض انجام دینے کی ترغیب دینا تھا۔ شرکاء نے اس طرح کی تقریبات کو نوجوان ڈاکٹروں کی حوصلہ افزائی اور ان کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں اضافے کے لیے اہم قرار دیا۔ تقریب میں اس امر کو نمایاں کیا گیا کہ نوجوان ڈاکٹرز کسی بھی صحت کے نظام کا اہم حصہ ہوتے ہیں اور ان کی پیشہ ورانہ تربیت، قائدانہ صلاحیتوں اور اخلاقی ذمہ داریوں پر توجہ دے کر طبی خدمات کے معیار کو بہتر بنایا جا سکتا ہے۔ ایسے اجتماعات نوجوان ڈاکٹروں کو اپنے تجربات کے تبادلے، نئی مہارتیں سیکھنے اور شعبۂ صحت میں اپنی ذمہ داریوں کو بہتر انداز میں سمجھنے کے مواقع فراہم کرتے ہیں۔ سمٹ کے انعقاد کو نوجوان ڈاکٹروں کی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے اور طبی شعبے میں مثبت قیادت کو فروغ دینے کی جانب ایک اہم قدم قرار دیا گیا۔

بقیہ نمبر 23

ملزم کے قبضے سے پستول برآمد ہوا ہے۔ ذرائع کے مطابق سی سی ڈی ٹیم دیوی داتا روڈ پر اسنیپ چیکنگ میں مصروف تھی کہ اس دوران موٹر سائیکل سوار ملزمان نے فائرنگ کر دی۔ فائرنگ کے واقعے میں اشتہاری ملزم حماد عرف مادو، سکنہ کھڈیوٹ کہوٹہ، ہلاک ہوگیا، جبکہ دیگر ملزمان فرار ہوگئے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ ہلاک ملزم ڈکیتی معہ قتل، اقدام قتل اور کم عمر بچوں کے ساتھ اسلحے کی نوک پر غیر فطری جنسی عمل کے مقدمات میں مطلوب تھا۔ ملزم کو علاقے میں خوف کی علامت سمجھا جاتا تھا اور وہ مبینہ طور پر سوشل میڈیا پر ہوائی فائرنگ کی ویڈیوز شیئر کر کے شہریوں میں خوف و ہراس پھیلاتا تھا۔ واقعے کے بعد فرار ملزمان کی گرفتاری کیلئے سی سی ڈی ٹیم کا علاقے میں سرچ آپریشن جاری ہے، جبکہ ہلاک ملزم کی لاش پوسٹ مارٹم کے لیے تحصیل ہیڈ کوارٹر اسپتال منتقل کر دی گئی ہے۔

بقیہ نمبر 24

نوجوان پولیس کی حراست میں جاں بحق ہو گئے ہیں۔ کے مطابق 72 سالہ صحافی اور سماجی کارکن پرویز پرواز گورکھپور کی ڈسٹرکٹ جیل میں انتقال کر گئے۔ انہوں نے 2007 میں بی جے پی رہنما اور موجودہ وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ کی ایک تقریر کی عدالتی تحقیقات کا مطالبہ کیا تھا۔ وہ ایک ایسے مقدمے میں عمر قید کی سزا کاٹ رہے تھے جسے من گھڑت قرار دیا گیا ہے۔ پرویز پرواز نے آدتیہ ناتھ کی نفرت انگیز تقریر بے نقاب کی تھی۔ پرویز اس وقت توجہ کا مرکز بنے جب انہوں نے 27 جنوری 2007 کو ایک عوامی اجتماع میں آدتیہ ناتھ کی اشتعال انگیز تقریر ریکارڈ کی۔ اس وقت آدتیہ ناتھ گورکھپور سے بھارتیہ جنتا پارٹی کے رکن پارلیمنٹ تھے۔ محرم کے جلوس کے دوران جھڑپ کے بعد شہر میں کشیدگی پھیل گئی تھی۔ اس واقعے میں ایک ہندو نوجوان زخمی ہوا تھا جو بعد میں دم توڑ گیا۔ پرویز نے اپنے کیمرے سے یہ تقریر ریکارڈ کی۔ بعد ازاں انہوں نے عدالت سے رجوع کیا اور شہر میں پھوٹنے والے تشدد کو ہوا دینے میں آدتیہ ناتھ کے کردار کی تحقیقات کا مطالبہ کیا۔ تقریر میں ہندو نوجوان کی موت کے ذمہ دار سمجھے جانے والوں کے خلاف جوابی تشدد کی باتیں شامل تھیں۔ فسادات سے متعلق رپورٹس کے مطابق اس کے بعد ہونے والے تشدد میں کم از کم دو افراد ہلاک ہوئے اور املاک کو بڑے پیمانے پر نقصان پہنچا۔ آدتیہ ناتھ سے منسوب بیان میں کہا گیا تھا کہ آنے والے وقت میں ایک ہندو کے خون کے بدلے ہم انتظامیہ کے خلاف صرف ایف آئی آر درج نہیں کرائیں گے بلکہ ایسے کم از کم 10 لوگوں کو قتل کرائیں گے۔ اس موقع پر مجمعے نے تالیاں بجائیں۔ بی جے پی کے زیر اقتدار ایک اور ریاست بہار میں 25 سالہ مسلمان نوجوان دلشاد انصاری ضلع چمپارن میں پولیس حراست کے دوران جاں بحق ہو گیا۔ دلشاد کے اہل خانہ نے اس کی موت کی اعلیٰ سطحی تحقیقات کا مطالبہ کیا ہے۔ اس کی اہلیہ نگمہ خاتون نے صحافیوں کو بتایا کہ پیر کے روز پولیس کی ایک ٹیم ان کے گھر آئی اور دلشاد کو حراست میں لیا۔ انہوں نے کہا کہ پولیس اہلکاروں نے اہل خانہ کو یقین دلایا تھا کہ پوچھ گچھ کے بعد اسے اگلی صبح رہا کر دیا جائے گا۔ تاہم بعد میں اہل خانہ کو بانو چھپر پولیس اسٹیشن سے فون آیا اور انہیں بیتیا کے گورنمنٹ میڈیکل کالج و ہسپتال پہنچنے کے لیے کہا گیا۔ انہیں بتایا گیا کہ دلشاد کی طبیعت خراب ہو گئی ہے۔ نگمہ خاتون نے بتایا جب ہم ہسپتال پہنچے تو وہ مر چکا تھا۔ اہل خانہ نے کہا کہ دلشاد کو تشدد کا نشانہ بنایا گیا تھا اور اس کی موت سر پر چوٹ لگنے سے ہوئی۔ اس کے والد اختر انصاری نے کہا کہ پولیس اہلکاروں نے ان کے بیٹے کے سر پر زور سے وار کیا، جس سے اسے شدید چوٹ آئی۔ انہوں نے واقعے کی مکمل تحقیقات کا مطالبہ کیا۔ رپورٹس کے مطابق 25 سالہ مسلمان نوجوان کی پولیس حراست میں موت کے بعد دو سب انسپکٹروں سمیت چھ پولیس اہلکاروں کو معطل کر دیا گیا ہے۔ اس واقعے پر سوشل میڈیا پر بھی ردعمل سامنے آیا ہے۔ متعدد صارفین نے جواب دہی، منصفانہ تحقیقات اور دلشاد انصاری کے اہل خانہ کے لیے انصاف کا مطالبہ کیا ہے۔

بقیہ نمبر 25

بدھ کے روز بھی پاکستان سے ریاض کی 28 پروازیں منسوخ ہیں جبکہ ریاض ائیرپورٹ 17 اکتوبر کی رات 12 بجے تک کیلئے بند ہے۔ ادھر پی آئی اے نے ملتان سے ریاض کی پرواز پی کے 765 متبادل ائیرپورٹ کیلئے روانہ کی، کراچی سے جدہ کی 2، سیالکوٹ اور ملتان سے دمام کی ایک، ایک پرواز منسوخ اور لاہور مدینہ کی پروازوں ایس وی 725،724 میں 5 گھنٹے تاخیر کا شکار ہوگئیں ۔فلائٹ شیڈول کے مطابق لاہور سے اسکردو کی 4 پروازوں میں ڈھائی سے 3 گھنٹے تک تاخیر ہوئی جبکہ کراچی سے لاہور کی 5 پروازوں میں 3 سے 8 گھنٹے تک اور کراچی سے اسلام آباد کی 7 پروازوں میں 1 سے 5 گھنٹے تک تاخیر کا شکار ہوگئیں۔

بقیہ نمبر 26

، گارڈن کالج راولپنڈی میں ڈائریکٹوریٹ آف ایجوکیشن کالجز، راولپنڈی ڈویژن کے زیر اہتمام منعقد ہوئے، جن میں گوجر خان کالج کی ٹیم نے اپنی بہترین صلاحیتوں، محنت اور کھیل کے اعلیٰ معیار کا مظاہرہ کیا۔ اقرا کی کپتانی میں، ٹیم مینیجر مس ثوبیہ سلطانہ اور کوچ مس زارا کی رہنمائی میں کھلاڑیوں نے بہترین کھیل پیش کرتے ہوئے اپنے ادارے کے لیے یہ اعزاز حاصل کیا۔ پرنسپل گورنمنٹ گریجویٹ کالج فار ویمن گوجر خان، مسز شمسا نورین، کو اس شاندار کامیابی پر مبارکباد پیش کی گئی، جبکہ تمام کھلاڑیوں، کوچ اور ٹیم مینیجر کی کاوشوں کو بھی سراہا گیا۔ یہ کامیابی کالج میں کھیلوں کے فروغ، طالبات کی حوصلہ افزائی اور خواتین کی کھیلوں میں نمایاں شرکت کے لیے ادارے کی مسلسل کوششوں کا منہ بولتا ثبوت ہے

بقیہ نمبر 27

ویکسینیشن کوریج، زیرو ڈوز اور ویکسین سے محروم رہ جانے والے بچوں کی تعداد میں کمی لانے کے اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ ضلع راولپنڈی میں نومبر کی انسداد پولیو مہم کا آغاز 2 نومبر سے ہوگا

بقیہ نمبر 28

کے خلاف مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کر دی، میڈیکل رپورٹ میں کمسن بچے سے بدفعلی کی تصدیق ، افسوسناک واقعہ پر ضلع جہلم ویلی کے عوامی حلقوں میں شدید تشویش، غم و غصے کی لہر دوڑ گئی۔ تفصیلات کے مطابق سربن کے رہائشی چوہدری (ب) عمر تقریباً 12 سے 14 سال جو کہ چناری بازار میں محنت مزدوری کرتا ہے نے تھانہ چناری پولیس کو دی گئی تحریری درخواست میں موقف اختیار کیا کہ بانڈی سوچیاں کے رہائشی نقیب ولد سفیر شیخ اور عتیق ولد عبداللطیف شیخ جو چناری بازار میں حجام کا کام کرتے ہیں نے مبینہ طور پر اس کے ساتھ زبردستی بدفعلی کی، درخواست موصول ہونے پر پولیس تھانہ چناری نے دونوں نامزد ملزمان کے خلاف زیر دفعہ اے پی سی 377 اے کے تحت مقدمہ درج کرتے ہوئے انہیں گرفتار کر کے حوالات میں بند کر دیا، پولیس نے ملزمان سے تفتیش شروع کر دی ہے، میڈیکل رپورٹ کے مطابق ڈاکٹرز نے بھی کمسن بچے سے بدفعلی کی تصدیق کر دی ہے، واقعے پر عوامی حلقوں نے شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ کمسن بچوں کے ساتھ جنسی جرائم کے واقعات کی روک تھام کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں، اس مقدمے کی تفتیش میرٹ پر مکمل کی جائے

بقیہ نمبر 29

کروائیں گے۔ تاکہ عوام کو سستا اور معیاری آٹا ان کی دہلیز پر مل سکے۔ ان خیالات کا اظہار محمد ظہور بھٹی صدر فلور ڈیلرز ایسوسی ایشن راولپنڈی اسلام آباد نے راولپنڈی میں سرکاری اور پرائیویٹ آٹے اور میدہ فائن کی سپلائی کے حوالے سے جائزہ لینے کے موقع پر اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ڈیلروں کو آٹے کی سپلائی میں آنے والے مسائل کو بھی سنا گیا آج کل ڈیلروں کو ٹریفک وارڈن، کینٹ بورڈ کے اہلکار، مارکیٹ کمیٹی کے اہلکار مختلف طریقوں سے تنگ کر رہے ہیں یہ بھی ڈیلروں نے بتایا ہے کہ محکمہ فوڈ کے کلرک پیسے لے کر ایسے افراد کے نام فیئر پرائس لسٹ میں لکھتے ہیں جن کا کبھی بھی آٹے کے کاروبار سے تعلق نہیں رہا ایسوسی ایشن کے صدر محمد ظہور بھٹی نے ڈیلروں کو یقین دلایا ہے کہ ڈی ایف سی راولپنڈی سے مل کر فیک ناموں کا خاتمہ کروائیں گے اور اسی طرح باقی محکموں کے ذمہ داروں افسران سے مل کر ڈیلروں کی مشکلات حل کروائیں گے، تاکہ عوام کو سستا اور معیاری آٹا ان کی دہلیز پر مل سکے۔ اجلاس میں جنرل سیکرٹری فلور ڈیلرز ایسوسی ایشن خرم عباسی، حاجی منیر، خلیل عباسی، شیخ فیصل، سرفراز ملک، فیصل بٹ، ساجد محمود سمیت دیگر عہدیداروں نے بھی شرکت کی

بقیہ نمبر 30

ملکیت ثابت کرنے میں ناکام رہے۔ عدالت نے قرار دیا کہ متعلقہ انتقالات ڈسٹرکٹ آفیسر ریونیو کے حکم کے ذریعے 23 نومبر 2004 کو منسوخ کئے جا چکے تھے جبکہ اصل بیع نامے بھی ٹرائل کورٹ یا اپیلیٹ کورٹ کے سامنے پیش نہیں کئے

بقیہ نمبر 31

کاری کے ذریعے صنعتی ترقی کو فروغ دینا تھا۔ وزیراعظم کے مشیر برائے صنعت و پیداوار ہارون اختر خان نے تقریب میں بطور مہمانِ خصوصی شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ہارون اختر خان نے کہا کہ پاکستان اور چین کے درمیان دیرینہ دوستی باہمی اعتماد، احترام اور مشترکہ مفادات پر مبنی ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ دوطرفہ تعاون کے اگلے مرحلے میں اس تاریخی دوستی کو صنعتی سرمایہ کاری، ٹیکنالوجی کی منتقلی، مقامی مینوفیکچرنگ اور برآمدات میں اضافے کی صورت میں ٹھوس نتائج میں تبدیل کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف کا وژن پاکستان کی معاشی صلاحیت کو پائیدار صنعتی ترقی، پیداواری روزگار اور برآمدات میں اضافے میں تبدیل کرنا ہے۔ حکومت چینی سرمایہ کاروں کو سہولتیں فراہم کرنے اور کاروبار سے کاروبار کی سطح پر تعاون کو فروغ دینے کے لیے پرعزم ہے، تاکہ سرمایہ کاری میں دلچسپی کو قابل عمل اور تجارتی طور پر مؤثر منصوبوں میں تبدیل کیا جا سکے۔ مشیر نے وزارتِ صنعت و پیداوار کے کردار کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ وزارت متعلقہ وزارتوں، اداروں اور چینی سفارت خانے کے ساتھ رابطہ کاری کے ذریعے چینی کاروباری وفود کو سہولتیں فراہم کر رہی ہے۔ اس سلسلے میں ممکنہ پاکستانی شراکت داروں کے ساتھ ملاقاتوں کا اہتمام اور اسلام آباد، لاہور اور کراچی میں وفود کو ضروری انتظامی اور ادارہ جاتی معاونت فراہم کی جا رہی ہے۔ تقریب کا ایک اہم سنگ میل گو گو موٹرز (GU GO MOTORS) اور شینگ تانگ گروپ (SHENGTANG GROUP) کے درمیان پاکستان میں الیکٹرک بسوں کی تیاری کے لیے مجوزہ مشترکہ منصوبے کی مفاہمتی یادداشت پر دستخط تھے۔ اس اقدام کا مقصد ٹیکنالوجی کی منتقلی، مقامی مینوفیکچرنگ کی صلاحیتوں کو فروغ دینا اور "میڈ ان پاکستان" کے تحت برآمدات کے قابل گاڑیاں تیار کرنے کے مواقع تلاش کرنا ہے۔ ہارون اختر خان نے کہا کہ الیکٹرک موبلٹی کا شعبہ پاکستان کے لیے مینوفیکچرنگ کی بنیاد وسیع کرنے، مقامی سپلائی چینز کو ترقی دینے اور جدید آٹوموٹیو ٹیکنالوجی میں اپنی پوزیشن مستحکم کرنے کے اہم مواقع فراہم کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ چینی کمپنیوں کے ساتھ تعاون پاکستان کو زیادہ قدر پر مبنی پیداوار کی طرف لے جانے اور ہنرمند افرادی قوت بالخصوص نوجوانوں کے لیے روزگار کے مواقع پیدا کرنے میں معاون ثابت ہوسکتا ہے۔ انہوں نے خصوصی اقتصادی زونز میں سرمایہ کاری کی سہولت، ٹیکنالوجی کی منتقلی، قابل اطلاق مراعات کی فراہمی اور سرمایہ کاروں کے لیے کاروباری ماحول بہتر بنانے کے حکومتی عزم کا بھی اعادہ کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ طویل مدتی اور پیداواری سرمایہ کاری کے حصول کے لیے قابل پیش گوئی پالیسیاں، آسان ضابطہ کار اور مؤثر ادارہ جاتی رابطہ کاری ناگزیر ہیں۔ تقریب میں چینی کاروباری وفد کے 14 ارکان نے شرکت کی، جس کی قیادت پی بی سی ایف بیجنگ آفس کے صدر وی لین ژو (Wei Linzhuo) کر رہے ہیں۔ پاکستان چائنہ بزنس فورم کے زیر اہتمام اور اسلام آباد چیپٹر کے شریک چیئرمین شیخ اعجاز کی رابطہ کاری میں یہ وفد پاکستان کے 11 روزہ کاروباری دورے پر ہے، جس کے دوران اسلام آباد، لاہور اور کراچی میں مختلف کاروباری ملاقاتیں کی جا رہی ہیں۔ چینی وفد الیکٹرک وہیکلز، لیتھیم آئن بیٹریوں، چارجنگ انفراسٹرکچر، مینوفیکچرنگ، سیاحت، تجارتی مراکز، چائنا پولیمرز، برقی آلات، تعمیراتی سامان، معدنیات سے متعلق آلات اور ادویہ سازی سمیت مختلف شعبوں میں ممکنہ شراکت داری کے مواقع کا جائزہ لے رہا ہے۔ استقبالیہ خطاب میں شیخ اعجاز نے پاکستانی اور چینی کاروباری اداروں کو ایک دوسرے کے قریب لانے اور تجارتی طور پر قابل عمل مشترکہ منصوبوں میں سہولت فراہم کرنے کے لیے فورم کے کردار کو اجاگر کیا۔ انہوں نے بتایا کہ چین کے مختلف شہروں میں پی بی سی ایف کے 20 دفاتر کا نیٹ ورک وسیع کاروباری اور سرمایہ کار روابط تک رسائی فراہم کرتا ہے۔ پاکستان میں چین کے سفیر جیانگ زائی ڈونگ (Jiang Zaidong) نے چینی سرمایہ کاروں اور پاکستانی کاروباری برادری کے درمیان براہِ راست روابط کو مزید مضبوط بنانے میں دلچسپی کا اظہار کیا، تاکہ دوطرفہ تجارت اور سرمایہ کاری کے نئے مواقع تلاش کیے جا سکیں۔ تقریب میں کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (CDA)، اسپیشل انویسٹمنٹ فیسلیٹیشن کونسل (SIFC)، بورڈ آف انویسٹمنٹ (BOI) اور دیگر متعلقہ وزارتوں اور اداروں کے نمائندوں نے بھی شرکت کی۔ تقریب میں کیک کاٹنے کی رسم، مفاہمتی یادداشت پر دستخط اور کاروباری روابط کے فروغ کے لیے نیٹ ورکنگ سیشنز شامل تھے، جن کا مقصد دونوں ممالک کے درمیان تجارتی تعلقات کو مزید مستحکم کرنا تھا۔

بقیہ نمبر 32

نیشنل ڈیموکریٹک موومنٹ کے مرکزی صدر محسن داوڑ اور بشریٰ گوہر کی جانب سے دائر کی گئی ہے۔ درخواست میں صدر پاکستان، فیڈریشن آف پاکستان، گورنر خیبر پختونخوا، سینیٹ، قومی اسمبلی، وزارت داخلہ، وزارت دفاع کو فریق بنایا گیا ہے۔ رٹ درخواست میں موقف اختیار کیا گیا ہے کہ صدر پاکستان نے 11 اکتوبر 2026 کو آئین کے آرٹیکل 232 اور 234 کے تحت خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی نافذ کرتے ہوئے گورنر کو صوبائی حکومت کے تمام اختیارات سونپ دیے، صوبائی اسمبلی کے اختیارات پارلیمنٹ کو منتقل کر دیئے اور وزیر اعلیٰ، صوبائی وزراء، مشیران اور ایڈووکیٹ جنرل کو عہدوں سے ہٹا دیا۔ درخواست میں کہا گیا ہے کہ صدارتی اعلان بدنیتی پر مبنی اور آئین کے منافی ہے، صوبائی حکومت نے خود سیکیورٹی کے حوالے سے کوئی رپورٹ نہیں بھیجی بلکہ گورنر کی جانب سے من گھڑت رپورٹ کی بنیاد پر یہ اقدام اٹھایا گیا، آئین کے آرٹیکل 232 میں ایمرجنسی کے نفاذ کا جو طریقہ کار وضع کیا گیا ہے اس پر عمل نہیں کیا گیا۔ درخواست میں مزید کہا گیا ہے کہ 11 اکتوبر کا صدارتی پروکلیمیشن غیر قانونی، غیر آئینی اور بغیر اختیار قرار دے کر کالعدم کیا جائے، عبوری ریلیف کے طور پر حتمی فیصلے تک صدارتی اعلان کے آپریشن کو معطل کیا جائے

بقیہ نمبر 33

پی جی 7، 5 گولے، میگزینز سمیت 5 جدید ہتھیار، 3 موبائل فونز اور 2 موٹر سائیکلیں شامل ہیں۔ سیکورٹی ذرائع کے مطابق آپریشن کے دوران دہشت گردوں کے ٹھکانوں کو جدید ہتھیاروں سے نشانہ بنایا گیا، ہلاک دہشت گرد بلوچ عوام کو لوٹنے، خوف و ہراس پھیلانے اور انفراسٹرکچر کو نقصان پہنچانے میں ملوث تھے۔ سیکورٹی فورسز بلوچستان سے دہشت گردی کے خاتمے کیلئے پرعزم ہیں، آخری دہشت گرد کے خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی۔

بقیہ نمبر 34

نجکاری کی منظوری دی تھی۔ یہ فیصلہ بدستور برقرار ہے۔ ڈویژن نے 21 جون 2021 کو مشترکہ مفادات کونسل کی جانب سے منظور کردہ قومی انرجی پالیسی کا حوالہ بھی دیا، جس میں سرکاری ملکیتی اداروں کی کارکردگی بہتر بنانے کے لیے نجکاری سمیت مختلف آپشنز کا جائزہ لینے کا فیصلہ کیا گیا تھا

بقیہ نمبر 35

عالمی تنظیم ہیومن رائٹس واچ نے کہا ہے کہ بھارت نے پرامن مظاہرین کیخلاف جابرانہ طریقے استعمال کرتے ہوئے موبائل انٹرنیٹ سروسز معطل کردیں۔

بقیہ نمبر 36

متحدہ سیکرٹری جنرل کی بچوں کے خلاف تشدد سے متعلق خصوصی نمائندہ نجت معلا مجید نے جنرل اسمبلی میں رپورٹ پیش کرتے ہوئے حکومتوں پر بچوں کے تحفظ کے اقدامات مضبوط بنانے پر زور دیا ہے۔

بقیہ نمبر 37

ٹرمپ نے ساتھ ہی خبردار کیا ہے کہ وہ سعودی عرب پر ہونے والے ان کے حملوں کو کبھی فراموش نہیں کریں گے۔' صدر ٹرمپ کا یہ بیان ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب خطے میں امریکہ اور ایران کے درمیان جنگ کے باعث تنازع مزید پھیل رہا ہے۔ خبر رساں ادارے روئٹرز کے مطابق ٹرمپ نے یہ بھی واضح کیا کہ ان کی تنبیہ صرف تین نومبر کو ہونے والے وسط مدتی انتخابات تک محدود نہیں ہو گی۔ انھوں نے کہا کہ 'میں انتخابات کے بعد بھی موجود رہوں گا، اور میں بھی نہیں بھولوں گا۔' ٹرمپ نے ٹروتھ سوشل پر ایک پوسٹ میں حوثیوں پر الزام عائد کرتے ہوئے لکھا کہ 'حوثی بہت برا رویہ اختیار کر رہے ہیں

بقیہ نمبر 38

کو وسعت دینے، فضائی افواج کے مابین روابط کو مزید مستحکم کرنے اور تربیت، پیشہ ورانہ استعداد سازی اور عملی تجربات کے تبادلے میں اشتراک کے نئے امکانات تلاش کرنے پر خصوصی توجہ مرکوز رہی۔ اس موقع پر سربراہ پاک فضائیہ نے معزز مہمان کو پاک فضائیہ کی جاری جدید کاری اور مقامی سطح پر دفاعی صلاحیتوں کی ترقی کے اقدامات سے آگاہ کیا۔ انہوں نے خلائی، سائبر، مصنوعی ذہانت اور الیکٹرانک وارفیئر سمیت روایتی و غیر روایتی جنگی صلاحیتوں پر محیط ایک مربوط، کثیرالجہتی عملی نظام کی تشکیل میں ہونے والی پیش رفت پر بھی روشنی ڈالی۔ سربراہ پاک فضائیہ نے بدلتے ہوئے اور پیچیدہ تر ہوتے ہوئے تزویراتی و سلامتی کے ماحول میں برتری برقرار رکھنے کے لیے تکنیکی ترقی، خود انحصاری اور دفاعی صلاحیتوں میں مسلسل اضافے کی اہمیت پر زور دیا۔

بقیہ نمبر 39

اسپیکر قومی اسمبلی نے شریف اللہ کے نام اپنے تعزیتی پیغام میں ان کی والدہ کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ والدہ کا اچانک بچھڑ جانا ایک ناقابلِ تلافی نقصان اور بڑا صدمہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ وہ دکھ اور غم کی اس مشکل گھڑی میں شریف اللہ اور ان کے اہلِ خانہ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے اللہ تعالیٰ سے مرحومہ کے درجات کی بلندی اور سوگوار خاندان کو اس ناقابلِ تلافی نقصان کو برداشت کرنے کے لیے صبرِ جمیل عطا فرمانے کی دعا کی

بقیہ نمبر 40

دیتے ہوئے خاتون کو حراست میں لینے کی تصدیق کی ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ واقعہ کولکتہ کے علاقے کالی گھاٹ میں ممتا بنرجی کی رہائش گاہ کے قریب شام تقریباً 6 بجے پیش آیا جب وہ ایک پوجا پنڈال کے افتتاح کے لیے گھر سے باہر نکل رہی تھیں۔ رپورٹ کے مطابق اس واقعے کی پولیس کے پاس درج کروائی گئی شکایت میں خاتون کی شناخت تنششا ساہا کے نام سے کی گئی ہے اور یہ موقف اختیار کیا گیا ہے کہ خاتون نے خود کو ممتا بنرجی کی بھتیجی قرار دیا، نازیبا زبان استعمال کی اور ان کے سیکیورٹی حصار میں داخل ہونے کی کوشش کی۔ اس کے علاوہ پولیس کے پاس درج کروائی گئی شکایت میں پارٹی نے یہ دعویٰ بھی کیا ہے کہ خاتون کے پاس چاقو تھا۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ پولیس کے بیان میں چاقو سے حملے کی کوشش کی تصدیق نہیں کی گئی۔ حکام کے مطابق ممتا بنرجی کے رہائش گاہ سے نکلنے کے وقت ان کا ایک خاتون سے سامنا ہوا، جس کے بعد دونوں کے درمیان تلخ کلامی ہوئی۔ حکام نے بتایا ہے کہ خاتون کو حراست میں لے لیا ہے اور واقعے کی تحقیقات شروع کر دی ہیں۔ پولیس خاتون سے پوچھ گچھ کے ساتھ موقع کی ویڈیو فوٹیج کا بھی جائزہ لے رہی ہے تاکہ واقعے کے حالات اور اس کی وجہ معلوم کی جا سکے۔

بقیہ نمبر 41

ہمارے موکلان پبلک سروس کمیشن کا امتحان پاس کر کے اپنے محکموں میں ملازمت کر رہے تھے، ہمارے موکلان محکمہ پنجاب فنانس سے 4 ماہ کی تنخواہ بھی لے چکے تھے، پبلک سروس کمیشن نے پیپر لیک کی سورس رپورٹ پر امیدواروں کو تعینات کرنے کی سفارشات واپس لے لیں۔ جسٹس علی باقر نجفی نے ریمارکس دیئے کہ لیک پیپر پبلک سروس کمیشن کی سفارشات کے بعد ریکور ہوئے، ریکور پیپر امیدواروں کے امتحان کلیئر کرنے کے بعد سامنے آئے، پیپر لیک کے الزام پر پنجاب پبلک سروس کمیشن کے کتنے افسران کے خلاف کارروائی کی گئی۔ وکیل پنجاب پبلک سروس کمیشن نے کہا کہ پیپر لیک معاملے پر چار افسران کو برطرف کیا گیا۔ جسٹس علی باقر نجفی نے ریمارکس دیے کہ امیدواروں کو ہٹانے سے قبل کسی کو شوکاز نوٹس جاری نہیں کیا گیا، امیدواروں کو ہٹانے سے قبل سنا بھی نہیں گیا۔

بقیہ نمبر 42

کی تفصیلات بھی طلب کر لیں، جبکہ باجوڑ سے تعلق رکھنے والے رکن صوبائی اسمبلی کے خلاف بھی مقدمہ درج کیا گیا ہے۔ پی ٹی آئی کے سابق صوبائی وزرا کے زیر استعمال سرکاری گاڑیوں کی تفصیلات حاصل کرنے کے لیے محکمہ ایڈمنسٹریشن سے رابطہ کر لیا گیا ہے۔ مقدمات بونیر اور باجوڑ میں درج کیے گئے ہیں

بقیہ نمبر 43

کے لیے اپائنٹمنٹ کا طریقہ کار مقرر کیا گیا ہے۔ درخواست گزار مکمل فارم appointmentmrp@gmail.com پر ارسال کریں گے، فارم سفارت خانے کی ویب سائٹ کے ڈاؤن لوڈ سیکشن میں دستیاب ہے

بقیہ نمبر 44

کہا کہ خاتون کیلئے عدالتوں نے ہمیشہ نرم گوشہ رکھا ہے، نیب کا کنڈیکٹ 13 ماہ میں قابل اعتراض رہا،

بقیہ نمبر 45

سفیر یون سے ملاقات کی، جس میں دوطرفہ معاشی تعاون پر تبادلہ خیال کیا گیا، ملاقات میں تجارتی فریم ورک معاہدے پر پیش رفت اور امریکہ سے درآمدات میں اضافے کے ذریعے توانائی کے ذرائع میں تنوع لانے کے امکانات کا جائزہ لیا گیا

بقیہ نمبر 46

جبکہ ریسکیو آفس پر پتھراؤ بھی کیا گیا۔ ڈی پی او وقار احمد کے مطابق واقعات میں 4 پولیس اہلکار زخمی ہوئے

بقیہ نمبر 47

ہو سکے گی۔ پونزی اور پرامڈ اسکیموں، بغیر لائسنس ڈپازٹ لینے یا قرض دینے والی کمپنیوں کی نگرانی کی جائے گی

بقیہ نمبر 48

سکیورٹی تعاون کو مزید مضبوط بنانے پر خصوصی توجہ دی گئی۔ ترجمان پاک فوج کا کہنا تھا کہ ملاقات کے دوران دونوں فریقین نے پاکستان اور روس کے سکیورٹی اداروں کے درمیان فریقی ادارہ جاتی روابط کے فروغ اور باہمی رابطہ کاری کو بہتر بنانے کی اہمیت پر زور دیا۔

بقیہ نمبر 49

بروقت اور واضح اظہار نہ کرنے اور قانونی تقاضے ثابت نہ ہونے پر دعویٰ کامیاب نہیں ہو سکتا۔ جسٹس شاہد وحید نے تحریر کردہ فیصلے میں یہ قرار دیتے ہوئے سرفراز احمد و دیگر کی اپیل مسترد کر دی۔ جسٹس جمال خان مندوخیل، جسٹس شاہد وحید اور جسٹس عرفان سعادت خان پر مشتمل تین رکنی بنچ نے 13 اکتوبر 2026 کو کیس کی سماعت کی۔

بقیہ نمبر 50

کے قریب پہنچ گئے ہیں جبکہ تجارتی جہازوں کی محفوظ نقل و حرکت یقینی بنانے کے لئے دونوں ممالک کے درمیان مشاورت جاری ہے۔ اسماعیل بقائی کے مطابق مجوزہ عارضی مفاہمت کو آبنائے ہرمز مکمل طور پر کھولنے سے تعبیر نہیں کیا جانا چاہیے

بقیہ نمبر 51

جائے گی اور چینی بھیجنے کی کوئی آخری تاریخ نہیں ہوگی۔ بینک ہر ہفتے برآمد کی رپورٹ اسٹیٹ بینک کو دیں گے

بقیہ نمبر 52

نامعلوم افراد کی فائرنگ سے پولیس اہلکار نور اللہ شہید اور 2 افراد زخمی ہو گئے، پولیس نے واقعے کی تحقیقات شروع کر دی ہیں

بقیہ نمبر 53

بیان میں کہا کہ ریاض اور جنوبی علاقے میں دو ڈرونز کو روک کر تباہ کیا گیا۔

بقیہ نمبر 54

حاصل ہے، اس لیے توقع ہے کہ دوبارہ اسی جماعت کی حکومت قائم ہوگی۔ آئینی ماہرین کے مطابق گورنر راج کا ابتدائی نفاذ دو ماہ کے لیے ہوتا ہے

بقیہ نمبر 55

برادرانہ تعلقات کی اہمیت پر زور دیا اور کہا کہ باہمی دلچسپی کے تمام شعبوں میں تعاون مزید مضبوط بنانے کیلئے اعلیٰ سطح پر رابطوں کا سلسلہ جاری رہنا چاہیے

بقیہ نمبر 56

کہ ٹول ٹیکس کا تو معاملہ ہی ختم ہو گیا ہے، اب تو وہ بڑھ گیا ہے، وکیل این ایچ اے نے بتایا کہ اسی نوعیت کا کیس دوسری عدالت میں زیر سماعت ہے، چیف جسٹس نے استفسار کیا کہ این ایچ اے کیسے اپنے طور پر اضافہ کر سکتی ہے؟۔ چیف جسٹس سرفراز ڈوگر نے کہا کہ ٹول ٹیکس کہاں تک پہنچ گیا ہے، گیارہ سو سے بھی اوپر لے گئے، وکیل این ایچ اے نے بتایا کہ چار سال تک ٹول ٹیکس نہیں بڑھایا گیا، اس پر عدالت کی معاونت کریں گے۔ عدالت نے این ایچ اے وکیل کو ہدایت کی کہ اپنے جواب کو فائل بنا کر دیں تاکہ آن لائن کیا جا سکے، وکیل این ایچ اے نے کہا کہ دوسرے ایسے ہی کیس میں ایم ٹیگ پر حکم امتناع ہے، اب کوئی ایم ٹیگ نہیں لگوا رہا، دوسرا کیس جسٹس ارباب محمد طاہر کی عدالت میں لگا ہوا ہے۔ چیف جسٹس سرفراز ڈوگر نے کہا کہ وہ کیس بھی منگوا لیتے ہیں اور دیگر مقدمات کو بھی، تمام کیسز یکجا کر کے آئندہ ہفتے سماعت کریں گے، عدالت نے تمام کیسز یکجا کرتے ہوئے سماعت آئندہ ہفتے کیلئے ملتوی کر دی۔

بقیہ نمبر 57

مدد سے درمیانے فاصلے تک مار کرنے والا میزائل بنانے کی کوشش کر رہے ہیں، جس سے خطے میں ان کی فوجی صلاحیت میں اضافہ ہو سکتا ہے۔

بقیہ نمبر 58

خیبر پختونخوا کے معاملے پر سیاسی حل تلاش کرنے کی کوشش کی، خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی لگی تو اس کے ذمہ دار وزیر اعلیٰ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت کے فیصلے کے حق میں ووٹ دینے کا ارادہ ہے، آئین پاکستان میں ایمرجنسی کے نفاذ کی گنجائش موجود ہے، آئین کے آرٹیکل 232 کے تحت صدرِ مملکت ایمرجنسی کا اعلان کر سکتے ہیں، جنگ، بیرونی جارحیت یا صوبائی حکومت کے قابو سے باہر اندرونی بدامنی کی صورت میں ایمرجنسی نافذ کی جا سکتی ہے۔ بلاول بھٹو زرداری کا کہنا تھا کہ دہشتگردی کے خلاف مؤثر حکمت عملی کے لیے سیاسی اختلافات سے بالاتر ہو کر کام کرنا ہوگا، پی ٹی آئی نے خود سیاسی خودکش حملہ کیا، تاہم خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کا نفاذ آخری آپشن تھا۔ ان کا کہنا تھا کہ اپوزیشن کو ماننا پڑے گا کہ پی ٹی آئی کی حکومت نے خودکش حملہ کیا، پی ٹی آئی کی صوبائی قیادت کا ان حالات میں اہم کردار ہے، صوبائی حکومت کوئی تو وجہ دیتی کہ ہم یہ اقدام نہ اٹھائیں۔ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ سیاست کو دہشتگردی اور قومی مفاد کے معاملات سے الگ رکھا جائے، حکومت نے اپوزیشن کو انگیج کرنے کی ہر ممکن کوشش کی، حکومت پاکستان نے ہر وہ سیاسی کوشش کی جو ممکن تھی، اپوزیشن کی قیادت جانتی ہے کہ خیبر پختونخوا کی حکومت پہ پی ٹی آئی نے خود سیاسی خودکش حملہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جو حالات بنے ہیں اس میں پی ٹی آئی کی صوبائی قیادت کا اہم کردار ہے، دہشگردی کے متاثرہ علاقوں کو پختونخوا کی حکومت دہشگرد ڈیلکر کرنے کو تیار ہے، دہشگردی کا مقابلہ مل کر کیسے کریں گے اس پر معاہدہ کریں گے۔ بلاول بھٹو زرداری کا کہنا تھا کہ ایک سیاسی جماعت کے لیے سیاسی سپیس تنگ ہوتی ہے تو ہر سیاسی جماعت کی سپیس محدود ہوتی ہے، مشکل فیصلہ لیا ہے، آئینی فیصلہ لیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی بتائے یہ سیاسی خودکشی نہیں تھی تو کیا تھا؟ کہا گیا اپوزیشن متفق ہو چکی ہے کہ صوبائی حکومت دہشت گردی کا مقابلہ مل کر کرے گی۔ انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ بات چیت کے لیے پھر ہاتھ بڑھائیں، درمیانی راستہ اور مسئلے کا حل نکالنے کے لیے اپنا ہاتھ ایک بار پھر آگے بڑھاتے ہیں، حکومت کی طرف اپوزیشن کی جانب ہاتھ بڑھاتے ہیں تاکہ اس مسئلے کا حل نکالیں۔ چیئرمین پیپلز پارٹی کا کہنا تھا کہ مجبوری میں ایمرجنسی لگائی، ہمیشہ کے لیے نہیں، دہشگردی کا مقابلہ متحد ہو کر کرنا ہے، پاکستان نے ایران امریکا جنگ بندی کی ذمہ داری اٹھائی، ہم ان کا بھی مقابلہ کریں گے جو دہشگردوں کے سہولت کار ہیں، اپوزیشن آگے بڑھے، دہشگردی کا مل کر مقابلہ کرتے ہیں، بھارت پاکستان میں دہشگردوں کی پشت پناہی کر رہا ہے، معرکہ حق میں بدترین شکست بھارت کو ہضم نہیں ہو رہی، یہ صرف میرا ملک نہیں، اپوزیشن اور پی ٹی آئی کا بھی ہے۔

بقیہ نمبر 59

پلان کے کائنیٹک اور نان کائنیٹک دونوں پہلوؤں پر مکمل عمل درآمد نہیں کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ نومبر 2023 میں خیبر پختونخوا کی تمام سیاسی جماعتوں نے ایک معاہدے پر دستخط کیے تھے۔ وفاق کسی بھی اقدام سے پہلے صوبائی اسمبلی کو ان کیمرہ بریفنگ دینے کا پابند ہے۔ سینیٹر ہمایوں مہمند نے مزید کہا کہ صوبے کو دیے جانے والے 800 ارب روپے کے طعنے بھی بے بنیاد قرار دیتے ہوئے کہا کہ سالانہ حساب سے یہ رقم بہت کم بنتی ہے۔ قبل ازیں قرارداد پر سینیٹر حامد خان نے کہا کہ اس گورنر راج اور ایمرجنسی کے پیچھے کچھ اور مقاصد نظر آ رہے ہیں، بات چیت جو پارلیمنٹ میں چل رہی تھی وہ صرف ڈھونگ تھا، مذاکرات، بات چیت صرف لوگوں کو دھوکہ دینے کے لیے کی جا رہی تھی، جب تک ملٹری اسٹیبلشمنٹ فیصلہ کرے گی کوئی جائز حکومت نہیں بن سکتی، جس ملک میں ملٹری قواعد ہوں گے وہاں جمہوریت نہیں آگے بڑھ سکتی۔ دوران اجلاس مسلم لیگ ن کے سینیٹر عابد شیر علی اور سینیٹر محسن عزیز میں جھڑپ ہوئی۔ محسن عزیز نے کہا کہ آپ چھلانگیں نہ ماریں۔ عابد شیر علی نے کہا کہ علامہ راجہ ناصر عباس آپ کیسے عالم ہیں؟ محسن عزیز کی غلط بات کو اسلام سے جوڑ رہے ہیں؟ آپ کو تو اسلام کا پتا ہی نہیں اور داڑھی رکھ لی ہے۔ سینیٹر محسن عزیز نے اظہار خیال کیا کہ آپ ٹیررازم کی بات کرتے ہیں آپ کو دہشت گردی کا کیا پتہ ہے؟ خیبر پختونخوا کے لوگوں نے اپنے بچے قربان کیے اور لاشیں اٹھائی ہیں، خیبر پختونخوا کو دہشت گردی کا قبرستان بنایا گیا، کیا ہم نے پاکستان کا ساتھ دیا یا دہشت گردوں کا ساتھ دیا؟ خیبر پختونخواہ کے عوام کو دہشت گرد کہنے والوں کو شرم آنی چاہیے، یہ وہ غیور لوگ ہیں جنہوں نے اس ملک پاکستان کو بچایا ہے، دہشت گردی بے روزگاری، بھوک، ہسپتالوں، پانی اور تعلیم کی عدم دستیابی سے جنم لیتی ہے، پاکستان گزشتہ چار سال میں معاشی طور پر 72 فیصد کمزور اور تنزلی کا شکار ہوا ہے، بھارت کی معیشت سولہ فیصد مضبوط ہوئی ہماری کمزور ہوئی، غلط فیصلوں اور ناقص پالیسیوں کی وجہ سے پاکستان کو معاشی تنزلی کی جانب دھکیلا گیا ہے

بقیہ نمبر 60

بڑھانے پر زور دیا۔ اس موقع پر روسی وزیر داخلہ نے دو طرفہ تعلقات مزید مستحکم بنانے اور مشترکہ دلچسپی کے شعبوں میں تعاون بڑھانے کی خواہش کا اظہار کیا۔ اعلامیہ کے مطابق روس کے وزیر داخلہ نے دو طرفہ روابط مزید بڑھانے کے لیے قریبی تعاون کے لیے روس کی آمادگی کا بھی اظہار کیا۔ وزیر اعظم نے منظم جرائم کی روک تھام کے لیے تعاون مضبوط بنانے سے متعلق ایم او یو پر دستخط کی تقریب میں شرکت کی۔

اسلام آباد، چیئرمین عوامی قوت پارٹی خاقان وحید خواجہ سے وفود ملاقات کرر ہے ہیں

حکمران اسلام آباد کو مسلسل تجربہ گاہ بنا رہے ہیں، کاشف چوہدری

تاجر برادری کے خلاف اقدامات ناقابل برداشت، صدر تنظیم تاجران

کاروبار کرنا مشکل بنا دیا گیا ماحولیاتی آلودگی کے حقیقی اسباب کا تدارک کیا جائے

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) صدر مرکزی تنظیم تاجران پاکستان کاشف چوہدری نے کہا ہے کہ اسلام آباد کے قدرتی حسن کو تباہ کرنے، لاکھوں درخت کاٹنے، قدرتی نالوں کو آلودہ کرنے، بند سیوریج لائینیں نہ کھولنے، نئی سیوریج لائینیں نہ بچھانے، پینے کے صاف پانی میں سیوریج کا پانی شامل ہونے سے روکنے اور شہر بھر کا کوڑا آئی الیون میں کھلے آسمان تلے پھینکنے کے ذمہ دار کون ہیں؟ اسلام آباد میں سیوریج ٹریٹمنٹ پلانٹ قائم نہ کرنے والے حکومتی ادارے، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

صحت کے شعبے میں ہم انقلابی اقدامات کرر ہے ہیں، خاقان خواجہ

ای کامرس کے ذریعے روزگار کے مواقع بھی مہیا کرر ہے ہیں، وفود سے گفتگو

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) پاکستان عوامی قوت پارٹی کے سربراہ اور چیئرمین راول جنرل اینڈ ڈینٹل ہاسپٹل و راول فاؤنڈیشن خاقان وحید خواجہ نے کہا ہے کہ صحت کے شعبے میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

LEADING THE FUTURE OF HEALTH CARE

اسلام آباد: ایچ بی ایس میڈیکل اینڈ ڈینٹل کالج، اکیڈمی فار کیمبرج پروفیشنل ڈیویلپمنٹ پاکستان اور ویژن ایریز پاکستان کے زیر اہتمام ینگ ڈاکٹرز لیڈرشپ سمٹ کے موقع پر راجہ ریاض شہباز جنجوعہ شرکاء کو ایوارڈز دے رہے ہیں اس موقع پر ہیلتھ سروسز اکیڈمی کے وی سی پروفیسر ڈاکٹر شہزاد علی خان، ڈاکٹر حیدر ریاض بھی موجود

سعودی عرب پر حوثی حملے ناقابل قبول مذہبی و سیاسی جماعتوں کا کل ملک گیر یوم مذمت و یکجہتی منانے کا اعلان

عمرہ زائرین، بے گناہ شہریوں، ہوائی اڈوں، رہائشی عمارتوں، ہسپتالوں اور دیگر شہری تنصیبات کو نشانہ بنانا سنگین دہشتگردی

حرمین شریفین اور مملکت سعودی عرب کی سلامتی پاکستان کے لئے سرخ لکیر ہے، طاہر محمود اشرفی و دیگر کی پریس کانفرنس

اسلام آباد (اے پی پی) انٹرنیشنل تنظیم حرمین شریفین کونسل، پاکستان علماء کونسل، متحدہ جمعیت اہلِ حدیث، متحدہ علماء کونسل، انٹرنیشنل ختم نبوت موومنٹ، وفاق المدارس والجامعات الدینیہ پاکستان، اتحاد المدارس پاکستان، جمعیت علماء اسلام اور دیگر مختلف مذہبی و سیاسی تنظیموں کے قائدین نے مکہ المکرمہ، مدینہ المنورہ، عمرہ زائرین، سعودی شہریوں، ہوائی اڈوں اور دیگر شہری تنصیبات کو نشانہ بنانے والے حوثی میزائل اور ڈرون حملوں کی شدید مذمت کرتے ہوئے انہیں اسلام، انسانیت، بین الاقوامی قوانین اور عالمی سطح پر تسلیم شدہ اخلاقی اقدار کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

استحکام پارٹی آزاد کشمیر بلدیاتی انتخابات میں بھرپور انداز میں حصہ لے گی، شان سونی

مقامی مسائل سے آگاہی رکھنے والے متحرک امیدواروں کا انتخاب کیا جائیگا، سابق وزیر

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) استحکام پاکستان پارٹی آزاد کشمیر کے سینئر رہنما اور سابق وزیر حکومت علی شان سونی نے کہا ہے کہ استحکام پاکستان پارٹی آزاد کشمیر بھر میں آئندہ بلدیاتی انتخابات میں بھرپور انداز میں حصہ لے گی، جس کے لیے پارٹی کی تنظیم سازی کا عمل شروع کیا جائے گا اور تمام 10 اضلاع میں وارڈ کی سطح سے لے کر ضلعی سطح تک تنظیمی ڈھانچے کو فعال اور مضبوط بنانے کے ساتھ عوامی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

قرض کو ترقی کی راہ میں رکاوٹ بننے کے بجائے ترقی کا ذریعہ بننا چاہیے، وزیر خزانہ

باروئرز پلیٹ فارم کو باہمی سیکھنے، تکنیکی تعاون اور قرضوں کے بہتر انتظام کے فروغ کا ذریعہ بنایا جائے، محمد اورنگزیب

باروئرز پلیٹ فارم رکن ممالک کو چیلنجز سے نمٹنے کیلئے مشترکہ طور پر سیکھنے اور تعاون کے مواقع فراہم کرتا ہے، انتونیو گوتریس

اسلام آباد (صباح نیوز) پاکستان کو قرض لینے والے ممالک کے بین الاقوامی فورم 'باروئرز پلیٹ فارم' کی گورننگ کونسل کا چیئرمین مقرر کر دیا گیا ہے۔ وزیرِ خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے بینکاک میں عالمی بینک گروپ اور بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کے سالانہ اجلاس کے موقع پر گورننگ کونسل کی چیئرمین شپ قبول کی۔ وزارتِ خزانہ کے مطابق محمد اورنگزیب نے زور دیا کہ باروئرز پلیٹ فارم کو باہمی سیکھنے، تکنیکی تعاون اور قرضوں کے بہتر انتظام کے فروغ کا ذریعہ بنایا جائے۔ انھوں نے سال 2026-27 کے لیے پاکستان کی ترجیحات بیان کرتے ہوئے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

پاک چین دوستی ہمالیہ سے بلند اور سمندر سے بھی گہری ہے، شیخ اعجاز

چین بھی پاکستان کی ترقی، سلامتی خوشحالی، استحکام، کے لئے ہمارا خیر خواہ ہے

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) پاک چائنہ بزنس فورم کے کو چیرمین شیخ اعجاز نے کہا ہے کہ پاک چین دوستی ہمالیہ سے بلند اور سمندر سے بھی گہری ہے دونوں ممالک دوستی کے ایک لازوال رشتے میں بندھے ہوئے ہیں پاکستان چین کا ہر دکھ سکھ کا ساتھی ہے اور چین بھی پاکستان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

چائنہ کے تجارتی وفد کا راولپنڈی چیمبر دورہ پر شرکاء کیساتھ گروپ فوٹو

اسلام آباد میں تمام قسم کے شیشہ کیفے بند کرنے کا حکم

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) اسلام آباد ہائیکورٹ نے وفاقی دارالحکومت میں تمام قسم کے شیشہ کیفے مکمل طور پر بند کرنے کا حکم دے دیا۔ عدالت نے حکم دیا کہ نئے رولز بننے تک اسلام آباد میں تمام شیشہ کیفیز (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

PAKISTAN AGRICULTURAL RESEARCH COUNCIL
Reference in the Memory of
Dr. Amir Muhammed, H.I.
FOUNDER CHAIRMAN, PARC

اسلام آباد، چیئرمین پی اے آر سی ڈاکٹر سید مرتضیٰ اندرابی، ڈاکٹر امیر محمد کے تعزیتی ریفرنس سے خطاب کررہے

(NARC) ڈاکٹر امیر محمد کی یاد میں تعزیتی ریفرنس

ڈاکٹر امیر محمد کے وژن اور قیادت نے پی اے آر سی کی بنیاد رکھی، چیئرمین پی اے

کراپ سائنسز انسٹی ٹیوٹ کا نام تبدیل کرنا ان کی اس لازوال میراث کا اعتراف

اسلام آباد (نمائندہ۔شہرنامہ) پاکستان زرعی تحقیقاتی کونسل (PARC) نے ادارے کے بانی چیئرمین اور ممتاز سائنسدان ڈاکٹر امیر محمد (ہلال امتیاز) کی زندگی اور ملک کے لیے خدمات کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لیے قومی زرعی تحقیقاتی مرکز (NARC) اسلام آباد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

تاجروں کا اسلام آباد انتظامیہ سے پلاسٹک بوتلوں پر پابندی فیصلہ واپس لینے کا مطالبہ

اسلام آباد (اے پی پی) تاجروں نے اسلام آباد انتظامیہ سے پلاسٹک کی بوتلوں پر پابندی کا فیصلہ واپس لینے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس اقدام سے کاروباری سرگرمیاں متاثر ہونے، ری سائیکلنگ کے شعبے کو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

گوجرخان میں وارداتوں پر تشویش، پولیس موئثر اقدامات کرے: قاسم بھٹی

جرائم کی روک تھام کے لیے گشت کا نظام مزید موئثر بنایا جائے، سیاسی و سماجی شخصیت

گوجرخان (بیورو رپورٹ) سماجی و سیاسی شخصیت راجہ قاسم علی صغیر بھٹی نے گوجرخان سٹی میں چوری اور ڈکیتی کی وارداتوں پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے پولیس اور انتظامیہ سے شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لیے موئثر اقدامات کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ چند گھنٹوں کے دوران بڑکی موڑ پر واقع بیکری میں ڈکیتی اور محلہ حافظ آباد سے موٹر سائیکل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

پولیس نے باڑہ بازار کا کنٹرول سنبھال لیا، داخلی و خارجی راستے بند

خیبر (صباح نیوز) ضلع خیبر تحصیل باڑہ مین بازار کو داخلی و خارجی راستے سیل کر دیا گیا، باڑہ بازار کا کنٹرول پولیس نے سنبھال لیا۔ تفصیلات کے مطابق خیبر پختونخواہ میں گورنر راج کے بعد امن کے لئے انتظامیہ کی جانب اہم اقدام جاری ہیں، ضلع خیبر میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

آئی جی اسلام آباد سہیل چوہدری کی افسران و جوانوں سے میٹنگ

نمایاں کارکردگی پر تعریفی اسناد سے نوازا، اردل روم میں مسائل سن کر احکامات صادر

اسلام آباد (کرائم رپورٹر) آئی جی اسلام آباد کیپٹن (ر) محمد سہیل چوہدری کی افسران و جوانوں سے میٹنگ۔ آئی جی اسلام آباد نے نمایاں کارکردگی پر افسران وجوانوں کو تعریفی اسناد سے نوازا، اردل روم میں محکمانہ و ذاتی مسائل سنے اور فوری حل کے احکامات جاری کئے۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد کیپٹن (ر) محمد سہیل چوہدری نے ایس پی سٹی زون محمد خرم اشرف (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

اسلام آباد میں ینگ ڈاکٹرز لیڈرشپ سمٹ کا انعقاد

نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والوں میں ایوارڈز تقسیم

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) ایچ بی ایس میڈیکل اینڈ ڈینٹل کالج، اکیڈمی فار کیمبرج پروفیشنل ڈیویلپمنٹ پاکستان اور ویژن ایریز پاکستان کے زیرِ اہتمام ینگ ڈاکٹرز لیڈرشپ سمٹ کا انعقاد کیا گیا، جس کا مقصد نوجوان ڈاکٹروں میں قیادت کی صلاحیتوں کو اجاگر کرنا، پیشہ ورانہ مہارتوں کو فروغ دینا اور شعبۂ صحت میں مثبت تبدیلی کے لیے ان کی حوصلہ افزائی کرنا تھا۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

بچوں سے زیادتی مقدمات، مطلوب اشتہاری ہلاک، ساتھی فرار

راولپنڈی (آئی این پی) راولپنڈی میں تھانہ جاتلی کے علاقے دیوی داتا مین روڈ پر رات گئے سی سی ڈی ٹیم پر موٹر سائیکل سوار ملزمان کی فائرنگ کے دوران سنگین مقدمات میں مطلوب اشتہاری ملزم حماد عرف مادو ہلاک ہوگیا، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

BEN RAYYAN
BR
Training & Services Centre
TRAINING CERTIFICATE DISTRIBUTION CEREMONY

عارف بن ریان سلائی اینڈ ٹریننگ سینٹر میں کورس مکمل کرنیوالی طالبات میں اسناد تقسیم کرر ہے ہیں

بھارت، 72 سالہ صحافی سمیت دو مسلمان پولیس حراست میں جاں بحق

لکھنو، پٹنہ (کے ایم ایس) بی جے پی کے زیر اقتدار بھارتی ریاستوں اتر پردیش اور بہار میں ایک 72 سالہ مسلمان صحافی و سماجی کارکن اور 25 سالہ مسلمان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

سعودیہ پر حوثی حملے، فلائٹ آپریشن محدود، پاکستانی پروازوں میں کمی

اسلام آباد (آئی این پی) سعودی عرب کے ایئرپورٹس پر حوثیوں کے حملوں کے باعث فلائٹ آپریشن محدود سطح پر آنے کی وجہ سے پاکستان کی پروازیں بھی کم ترین سطح پر آ گئیں۔ فلائٹ شیڈول کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ملک بھر سے 114 پروازیں منسوخ یا نان آپریشنل رپورٹ ہوئیں جبکہ 77 پر تاخیر ہوئی۔ ریاض ائیرپورٹ کی بندش سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

گورنمنٹ کالج فار ویمن گوجرخان نے ٹیبل ٹینس کا ٹائٹل اپنے نام کرلیا

ٹیم نے اپنی بہترین صلاحیتوں، محنت اور کھیل کے اعلیٰ معیار کا مظاہرہ کیا

گوجرخان (بیورو رپورٹ) گورنمنٹ گریجویٹ کالج فار ویمن گوجرخان کی باصلاحیت کھلاڑیوں نے پانچویں ہائر ایجوکیشن اسپورٹس ٹورنامنٹ، حکومتِ پنجاب، کے تحت منعقدہ ڈسٹرکٹ ٹیبل ٹینس چیمپئن شپ میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے ضلع راولپنڈی میں تمام میچز جیت کر چیمپئن شپ کا ٹائٹل اپنے نام کر لیا۔ یہ مقابلے گورنمنٹ گریجویٹ کالج (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

فیصل آباد، ایک مزدور چاول کو خشک کرنے کے لیے پھیلا رہا ہے

جامعہ علوم اثریہ کے زیراہتمام فری آئی کیمپ کا انعقاد

ہزاروں مریضوں کا چیک اپ اور دوسرے دن سینکڑوں مریضوں کے آپریشن ہونگے

مریضوں اور لواحقین کے لیے رہائش اور کھانے کا بھی فری انتظام کیا جاتا ہے، عبدالحمید عامر

جہلم (نامہ نگار) اسلام صرف عبادات ہی کا مذہب نہیں، بلکہ یہ کامل دین ہے، جس میں عبادات کے ساتھ بنی نوع انسان کی سماجی خدمت پر بھی بہت زور دیا گیا ہے، ان خیالات کا اظہار جامعہ علوم اثریہ جہلم کے مہتمم اور مرکزی جمعیت اہل حدیث پاکستان کے نائب امیر حافظ عبدالحمید عامر نے جامعہ علوم اثریہ میں 24 ویں سالانہ فری آئی کیمپ کی افتتاحی تقریب میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

جہلم، جامعہ علوم اثریہ کے زیراہتمام فری آئی کیمپ میں لوگوں کی بڑی تعداد شریک جبکہ آخر میں ڈاکٹر معائنہ کرر ہے ہیں

ڈی آئی جی اسلام آباد علی وسیم کی کھلی کچہری، احکامات صادر

پی او برانچ کے انچارج اور ٹیم کو نقد انعامات و تعریفی اسناد سے نوازا گیا

اسلام آباد (کرائم رپورٹر) ڈی آئی جی اسلام آباد علی وسیم کی کھلی کچہری۔ شہریوں کی شکایات کے فوری ازالے کے احکامات جاری، پی او برانچ کے انچارج اور ٹیم کو نقد انعامات و تعریفی اسناد سے نوازا گیا۔ تفصیلات کے مطابق ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد علی وسیم نے اپنے دفتر میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا، جس میں شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ اس موقع پر انہوں نے شہریوں کے مسائل اور شکایات تفصیل سے سنیں اور ان کے فوری حل کے لیے متعلقہ افسران کو موقع پر ہی ضروری احکامات جاری کیے۔ ڈی آئی جی اسلام آباد علی وسیم نے کہا کہ شہریوں کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

شہر کو ستھرا ماحول فراہمی کیلئے وسائل بروئے کار لائے جائیں، ڈی سی راولپنڈی

مرکزی شاہراہوں، گلیوں، بازاروں، رہائشی علاقوں اور عوامی مقامات پر صفائی کو یقینی بنایا جائے، کیپٹن ریٹائرڈ ندیم ناصر

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) ڈپٹی کمشنر راولپنڈی کیپٹن (ر) ندیم ناصر کی زیر صدارت سُتھرا پنجاب پروگرام اور راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کی کارکردگی کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع بھر میں صفائی کے انتظامات، کوڑا کرکٹ کی بروقت تلفی، افرادی قوت، مشینری کی دستیابی اور شہری شکایات کے ازالے سے متعلق امور کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سوشل سروسز جنید عالم اسسٹنٹ کمشنرز، سی او ضلع کونسل و میونسپل کارپوریشن (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا کی کھلی کچہری کا انعقاد

اسلام آباد (کرائم رپورٹر) اسلام آباد پولیس کے سینئر افسران کے مختلف اقدامات۔ شہریوں کی شکایات کا ازالہ، تفتیش اور سیکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا اور احکامات جاری کئے۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد پولیس شہریوں کے مسائل کے فوری حل، جرائم کی روک تھام اور موئثر سیکیورٹی انتظامات یقینی بنانے کے لیے متحرک ہے۔ اس سلسلے میں ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا نے اپنے دفتر میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا، جس میں شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ انہوں نے شہریوں کی شکایات توجہ سے سنیں اور ان کے فوری ازالے کے لیے متعلقہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

راولپنڈی ضلعی انسداد پولیو کمیٹی کا اجلاس مہم کے انتظامات کا جائزہ

تمام 188 یونین کونسلز میں مجموعی پر 9 لاکھ 89 ہزار 924 بچوں کو پولیو بچاؤ کے قطرے پلانے کا ہدف مقرر کیا ہے

انکار کرنے والے خاندانوں سے رابطوں، رہ جانے والے بچوں کی ویکسینیشن کے لیے بھی اقدامات کیے جار ہے ہیں

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) ضلعی انسداد پولیو کمیٹی کا اجلاس ڈپٹی کمشنر راولپنڈی کیپٹن (ر) ندیم ناصر کی زیر صدارت ان کے دفتر میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سوشل سروسز فضائل مدثر، سی ای او ہیلتھ، عالمی ادارہ صحت کی نمائندے اور دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی، اجلاس میں نومبر 2026 کی انسداد پولیو مہم کے انتظامات، بچوں کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

آٹا ڈیلرز کی فہرست میں فیک ناموں کا خاتمہ کروائیں گے، ظہور بھٹی

ڈیلروں کو درپیش مسائل کا تدارک کرنے کی بھرپور کوشش کریں گے

محکمہ فوڈ کے کلرک پیسے لے کر افراد کے نام فیئر پرائس لسٹ میں لکھتے ہیں

اڈیالہ (نامہ نگار) آٹا ڈیلروں کو درپیش مسائل کا تدارک کرنے کی بھرپور کوشش کریں گے۔ سپلائی ڈیلروں کو ٹریفک وارڈن، کنٹونمنٹ اہلکار، اور مارکیٹ کمیٹی اہلکار مختلف طریقوں سے تنگ کر رہے ھیں۔ ڈیلروں کی لسٹ میں شامل فیک ناموں کا خاتمہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

چناری، بچے کیساتھ مبینہ بدفعلی میں ملوث دو نامزد ملزمان گرفتار

ہٹیاں بالا (بیورو رپورٹ) تھانہ پولیس چناری نے کمسن دیہاڑی دار بچے کے ساتھ مبینہ زیادتی کے سنگین واقعے میں مبینہ طور پر ملوث دو نامزد ملزمان کو گرفتار کر لیا، پولیس نے متاثرہ بچے کی تحریری درخواست پر ملزمان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

ملک ایسوسی ایشن ڈھیری حسن آباد زون کے عہدیداران کی تقریبِ حلف برداری

برادری کے اجتماعی مفادات کا تحفظ اولین ترجیح ہوگی، نومنتخب عہدیداروں کا عزم

راولپنڈی (سٹی رپورٹر) فریش ملک ایسوسی ایشن کے ڈھیری حسن آباد زون کے نومنتخب عہدیداران کی تقریبِ حلف برداری منعقد ہوئی، جس میں ایسوسی ایشن کے صدر ملک محمد وقار، جنرل سیکرٹری چوہدری خالد محمود اور دیگر مرکزی عہدیداران نے شرکت کی۔ تقریب کے دوران نو منتخب عہدیداران سے ان کے عہدوں کا حلف لیا گیا اور انہیں نئی ذمہ داریاں سنبھالنے پر مبارکباد پیش کی گئی۔ تقریب میں راولپنڈی فریش ملک ایسوسی ایشن کے مرکزی نائب صدر محمد نذیر، زونل نائب صدر شہباز گوندل، محمد قاسم، محمد ایوب اور چوہدری ارشد سمیت دیگر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

ملک ایسوسی ایشن ڈھیری حسن آباد زون کے نومنتخب عہدیدران حلف لے رہے ہیں

گوجرخان، سی سی ڈی کا مبینہ مقابلہ اشتہاری ملزم حماد عرف مادا ہلاک

ملزم بچوں سے زیادتی، قتل سمیت متعدد سنگین مقدمات میں پولیس کو مطلوب تھا

گوجرخان (بیورو رپورٹ) گوجرخان پولیس سرکل کے نواحی علاقہ دیوی داتا میں مبینہ سی سی ڈی پولیس مقابلے کے دوران انتہائی مطلوب اشتہاری ملزم حماد عرف مادا ہلاک ہوگیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق ہلاک ہونے والا ملزم بچوں سے زیادتی، قتل اور اقدام قتل سمیت متعدد سنگین مقدمات میں پولیس کو مطلوب تھا۔ واقعے سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

اسلام آباد ٹینس فیڈریشن میں منعقدہ میچ کے دوران غیر ملکی کھلاڑی شارٹ کھیلتے ہوئے

ملتان ٹرین حادثے میں گوجرخان کی خاتون جاں بحق

بھتیجے کی شادی کی خوشیاں ماتم میں بدل گئیں، نماز جنازہ میں ہر آنکھ نم

گوجرخان (بیورو رپورٹ) ملتان میں رحمان بابا ایکسپریس کو پیش آنے والے ٹرین حادثے میں گوجرخان کی رہائشی خاتون اسماء زوجہ اسرار جاں بحق ہوگئیں۔ مرحومہ اپنے بھتیجے کی شادی میں شرکت کے لیے آبائی گاؤں دلمی آ رہی تھیں کہ راستے میں حادثے کا شکار ہوگئیں۔ ان کی المناک وفات کی خبر نے خاندان کی خوشیوں کو غم میں بدل دیا اور شادی کی تیاریوں میں مصروف گھرانے میں صفِ ماتم بچھ گئی، مرحومہ کی میت گوجرخان منتقل کی جارہی ہے، جہاں انہیں انکے آبائی گاؤں دلمی میں نماز جنازہ کے بعد سپرد خاک کر دیا گیا۔ اسماء کی اچانک وفات پر اہلِ خانہ، عزیز و اقارب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

میر پور، سکوٹیاں چلانے کا معاملہ، ڈپٹی کمشنر کا فوری نوٹس

میر پور (بیورو رپورٹ) میر پور میں کم عمر بچوں کے الیکٹرک سکوٹیاں چلانے کا معاملہ، خواجہ محمد آفاق ایڈووکیٹ کی ڈپٹی کمشنر کو تحریری درخواست، ڈپٹی کمشنر میر پور کا فوری نوٹس، خصوصی اجلاس طلب کرنے اور موئثر اقدامات کی یقین دہانی میر پور شہر میں الیکٹرک سکوٹیوں کے بڑھتے ہوئے استعمال، ٹریفک حادثات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

میگا موٹر کی کراچی میراتھن 2027 کے لیے شراکت داری کی تجدید

کمپنی کا خواتین ایتھلیٹس کی تربیت کے لیے 'شی رنز' پروگرام کا اعلان

اسلام آباد (پ ر) میگا موٹر کمپنی (MMC)، جو پاکستان میں BYD کی آفیشل پارٹنر ہے، نے مسلسل دوسرے سال BYD کراچی میراتھن کے لیے اپنی شراکت داری کی تجدید کر دی ہے۔ اس اقدام کا مقصد پاکستان میں دوڑ کے کھیل کو فروغ دینے اور مقامی ایتھلیٹس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

SHEHAR NAMA
Islamabad
شہرنامہ
اسلام آباد

شکایات سیل

- ★ آپ کہیں کرپشن دیکھتے ہیں اسے ختم کرنا چاہتے ہیں
- ★ آپ بے گناہ ہیں اور آپ کو کسی جھوٹے مقدمے میں ملوث کیا جارہاہے۔
- ★ آپ کا کوئی جائز مسئلہ ہے لیکن اس کے لیے کوئی رشوت مانگتا ہے
- ★ آپ کا حق تلف کیا گیا
- ★ آپ کو کہیں خواہ مخواہ بلیک میل کیا جارہا ہے
- ★ آپ کیساتھ کسی قسم کی زیادتی کی گئی ہے اور اسکا ازالہ چاہتے ہیں
- ★ آپ آگر قبجہ گروپ کی چیرہ دستی کا شکار ہیں
- ★ آپ کی رقم دھوکہ دہی سے لوٹ لی گئی ہے
- ★ آپ کسی سرکاری ادارے یا اہلکار کے ناجائز دباؤ کا شکار ہیں
- ★ یا آپ کے ساتھ آپ کی نظر میں کوئی پریشان کن یا نقصان دہ مسئلہ موجود ہے۔

توہم سے رابطہ کریں۔

سکندر اعظم
انچارج انویسٹی گیشن اینڈ شکایات
روزنامہ شہرنامہ اسلام آباد
Email:sheharnama@gmail.com
0333-5196088 051-2240356

Safwan
Marquee & Event Lawn
سفوان
مارکی اینڈ ایونٹ لان
کی خدمات آپ کے لیے ہمہ وقت حاضر ہیں
آپکے دلوں کی ڈھڑکن
آپکی خدمت میں پیش پیش
- کارپوریٹ
- کانفرنس/سیمینار
- فیشن شو/گالہ ایونٹس
- میرج ایونٹ
- سالگرہ پارٹی
- میوزیکل پروگرام
- مہندی فنگشن
اسپیشل بکنگ آفر
مناسب پیکج پر بکنگ جاری ہے
ایڈوانس بکنگ جاری ہے
پارک روڈ بالمقابل ہاسٹل سٹی نزل کنگ حماد یونیورسٹی اسلام آباد
فون نمبر: 03310491234-03320491234

ایک مکمل ادارہ جو دوسری نسل سے خدمات دے رہا ہے
SPS
شاہین پرنٹرز
جنرل آرڈر سپلائر
شادی کارڈ
ارجنٹ اینڈ ہول سیل
پینا فلیکس ڈیجیٹل
اوریجنل انک ویر پارٹرلٹس
ایوارڈ شیلڈز کی چین، پن پرنٹنگ، شرٹس پرنٹنگ، بیج اینڈ لوگو میکر، گرافکس ڈیزائننگ
وزیٹنگ کارڈ | لیٹر پیڈ | سائن بورڈ | ٹائی | فائل | بل بکس | سکول کاپی | پارٹی پرچم | اشتہارات | بروشرز | سکول ڈائری | سٹیکر
ہیڈ آفس عبداللہ مارکیٹ سرکلر روڈ راولپنڈی سب آفس ترامڑی چوک اسلام آباد
0333-5108083
0315-5108083